Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | اتوار 20 جولائی 2026ء | 05 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 17

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

ایران کا پھر کویت پر میزائل اور ڈرون حملہ، 2 فوجی ہلاک، ایک امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

جب تک امریکی حملے جاری رہیں گے آبنائے ہرمز بند رہے گی (ایرانی پاسداران انقلاب) اردن کے شہر عقبہ میں ائیرپورٹ اور بندرگاہ خالی کرالی گئی، امریکی سفارتخانے کا دعویٰ

ایران پر تازہ حملوں کے دوران اردن میں امریکی فوجیوں پر حملہ کرنے والی ایرانی فورسز کو بھی نشانہ بنایا (سینٹکام) درجنوں فوجی زخمی، متعدد ہیلی کاپٹروں کو نقصان پہنچا، امریکی اخبار

واشنگٹن / تہران / عمان / کویت سٹی (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کے ایک باخبر ذریعے نے آبنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال پر کہا ہے کہ جب تک (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر) عمان/واشنگٹن (این این آئی) امریکی حکام نے کہا ہے کہ ایران نے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کی امید لبنانی صدر کی ٹرمپ سے ملاقات

منگل کے روز ہونے والی یہ ملاقات لبنان کے لیے ایک نازک موڑ پر ہو رہی ہے، رپورٹ

بیروت (این این آئی) لبنانی صدر جوزف عون اس ہفتے وائٹ ہاؤس کا اپنا پہلا دورہ کر رہے ہیں۔ اس دورے کا مقصد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سامنے ایک منصوبہ پیش (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

کشیدگی میں اضافہ، امریکی لڑاکا طیاروں کی یورپ سے مشرق وسطیٰ منتقلی شروع

تہران (این این آئی) ایران کے ساتھ تصادم کا دائرہ وسیع ہونے کے ایک نئے اشارے ملے ہیں۔ امریکی اخبار کی ایک (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پیٹرولیم وکلائمیٹ لیوی سے حکومت کو 1478 ارب روپے سے زائد وصول

اسٹیٹ بینک منافع، پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ لیوی سے 4820 ارب روپے حاصل

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے مالی سال 2025-26 کے پہلے 11 ماہ کے دوران پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی مد میں مجموعی طور پر ایک ہزار (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆ کوٹلی: پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری انتخابی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی کی حکومت بنائیں گے

بلاول بھٹو زرداری

عوام نے موقع دیا تو ہر فورم پر کشمیر کی آواز بنیں گے

عوام نے موقع دیا تو ہر فورم پر کشمیر کی آواز بنیں گے، حق حاکمیت، حق ملکیت، حق روزگار دلواں گا، میں یہاں بھی وہی منشور لایا ہوں جو گلگت بلتستان میں تھا، سیاست دانوں کا کام عوام کی آواز بننا ہے

احتجاج کرنے والوں سے مطالبہ ہے تحقیقات تک اپنا احتجاج بند کریں، وفاق سے اپیل ہے ٹرتھ کمیشن کے کام مکمل کرنے تک مزید کارروائی نہ کریں

جوایف آئی آر کٹوا رہے ہیں یہ نہ سوچیں کہ ہم آپ کو بھولیں گے، الیکشن ہونے دیں میں خود آپ کو دیکھ لوں گا، چیئرمین پیپلزپارٹی کا جلسے سے خطاب

کوٹلی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جوایف آئی آر کٹوا رہے ہیں یہ نہ سوچیں کہ ہم آپ کو بھولیں گے، الیکشن ہونے دیں میں خود آپ کو دیکھ لوں گا، عوام نے موقع دیا تو ہر فورم پر کشمیر کی آواز بنیں گے، حق حاکمیت، حق ملکیت، حق روزگار دلواں گا، میں یہاں بھی وہی منشور لایا ہوں جو گلگت بلتستان میں تھا، چاہتا ہوں لاڑکانہ کے ایم این اے کے ساتھ کشمیر کا ایم این اے بھی میرے ساتھ قومی اسمبلی میں ہو، احتجاج کرنے (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں، وفاقی وزرا

بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے، طارق فضل چودھری

بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے، طلال چودھری

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزرا طارق فضل چودھری اور طلال چودھری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ میڈیا (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

نیوجرسی: اسپین اور ارجنٹینا کے درمیان فائنل میچ دیکھنے کیلئے اسٹیڈیم تماشائیوں سے بھرا ہوا ہے

ایران میں لاپتہ ہونے والے پاکستانی شہریوں کے معاملے میں اہم پیشرفت

لاہور (این این آئی) ایران میں لاپتہ ہونے والے پاکستانی شہریوں کے معاملے میں بڑی پیشرفت ہوئی ہے۔ ایف آئی اے نے لاپتہ پاکستانی شہریوں سے رقوم وصول کرنے والے نیٹ ورک کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

خواجہ آصف بارے بلاول کا رویہ اچھا نہیں تھا، تقاریر حالات خراب کر سکتی ہیں

رانا ثنا اللہ

مسلم لیگ (ن) میں کسی کو لات مار کر نکالنے کی روایت نہ تھی اور نہ ہے، ایکشن کمیٹی کو فیصل راٹھور نے کالعدم قرار دیا

خواجہ آصف کے بارے میں بلاول کا رویہ اچھا نہیں تھا، ان کو ووٹ کے لیے نفرت کی نہیں، بلکہ قومی لیڈر بن کر بات کرنی چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی تقاریر حالات خراب کر سکتی ہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے بلاول بھٹو زرداری کے بیان کو نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف کے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

امریکہ ایران جنگ میں مصالحتی کردار ادا کرتے رہیں گے، رانا تنویر حسین

مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ملک کو سنگین بحرانوں سے نکالا، وفاقی وزیر

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ہی مسلم لیگ (ن) کی پہچان ہے، (ن) لیگ نے ہمیشہ عوام کی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

نورین نیازی کے بیانات بھارتی میڈیا کی زینت، عوام میں غم و غصہ ہے

عطا تارڑ

سیاست کی خاطر ریاست کی بے توقیری قابل قبول نہیں، پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈے استعمال کرنے کی سیاست دفن ہو چکی

کشمیر کاز کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنائیں گے، کشمیر میں ہونے والے انتخابات بہت اہمیت کے حامل ہیں، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نے اپنے بھائی کی سیاست کے پیچھے ایسے بیانات دیئے جو بھارتی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی اور ان کا خاندان پاکستان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہے، بلال اظہر کیانی

نورین نیازی کا بیان پی ٹی آئی کے پاکستان مخالف عزائم کا ہی تسلسل ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ نورین نیازی کا بیان بالکل بھی قابل قبول نہیں، بانی پی ٹی آئی اور ان کا خاندان پاکستان کو نقصان پہنچانے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

لاہور، وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ، ملزم اسلحہ سمیت گرفتار

لاہور (یو این اے) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، لاہور پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اسامہ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

لاہور: آزاد کشمیر انتخابات کے سلسلے میں ن لیگ کے مشاورتی اجلاس میں معدد شریک ہیں

اسحاق ڈار سے ڈاکٹر عبدالمالک کی ملاقات، بلوچستان کی معاشی خوشحالی کے عزم کا اعادہ

ملاقات میں بین الصوبائی رابطہ کے وزیر رانا ثنا اللہ خان اور وزیراعظم کے معاونِ خصوصی طارق باجوہ بھی موجود تھے

وفاقی حکومت بلوچستان کے عوام کی معاشی ترقی، خوشحالی اور جائز مطالبات کے حل کے لیے پرعزم ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار سے نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ... (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور دیگر راجہ بازار پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے

علیمہ خان کا بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے تحریک شروع کرنے کا اعلان

اب ڈی چوک کی کہانی ختم ہونی چاہیے، کارکن اڈیالہ جیل جانے کی تیاریاں شروع کریں

آئندہ لائحہ عمل کا اعلان جلد وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کریں گے، کارکنوں سے خطاب

سوات (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے ... (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

الیکشن وقت پر ہوں گے، تاریخ آگے بڑھانے کا ارادہ نہیں، چیف الیکشن کمشنر

ایک امیدوار کی وفات کی وجہ سے ایل اے 24 سدھنوتی 7 میں الیکشن ری شیڈول کرنا ہے

اگر الیکشن کی تاریخ آگے بڑھانی ہوتی تو ایک ماہ پہلے بڑھا دیتے، تمام تیاریاں مکمل ہیں

مظفرآباد (این این آئی) ... (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

چین 3 لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل سکلز کی تربیت فراہم کرے گا

احسن اقبال

صوبے میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، انوویشن، ٹیکنالوجی پارکس، آئی ٹی زونز کے قیام پر بھرپور سرمایہ کاری کی جا رہی ہے، مجتبیٰ شجاع الرحمن

فری لانسنگ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کا اہم ستون بن چکی، نوجوان جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ ہوں، فہیم الرحمن سہگل

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پلاننگ ... (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

یوکرین کے روس پر رات بھر 379 ڈرون حملے، 8 افراد ہلاک، 86 زخمی

ماسکو ریجن کے شہروں کولومنا اور الیکٹروستال میں بھی یوکرینی ڈرون حملے کیے گئے

حملوں کے بعد تمام متاثرہ علاقوں میں ہنگامی امدادی کارروائیاں جاری

ماسکو (این این آئی) روسی وزارت دفاع ... (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی (آج) اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آئیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی (آج) ... (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

پاکستان علاقائی تجارت کا مرکز بننے کی جانب گامزن، نئے تجارتی راستے فعال

ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کے لیے متبادل کوریڈور استعمال کرنا شروع کر دیے

گوادر اور کراچی بندرگاہوں کی اہمیت میں بھی اضافہ ہوا ہے، دی کیسپیئن پوسٹ

کراچی (این این آئی) ... (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: جماعت اسلامی کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ صوبائی مجلس شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

جعفرآباد: صوبائی وزیر پارلیمانی سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر شہ رگ پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے

خواجہ آصف

فیلڈ مارشل کا رشتہ وطن سے محبت ہے، شہداء اور غازیوں کو سلام ہے جنہوں نے وطن کی عزت رکھی، پاکستان کا نام ایران اور امریکا کی جنگ میں ہر تھوڑی دیر بعد ٹی وی پر نظر آتا ہے

جس پس منظر میں الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا۔ ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ الیکشن کشمیر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

چین، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک انٹرنیشنل کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

شہدائے زیارت کی میتوں کی آبائی علاقوں میں تدفین

7 جولائی کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملہ کر کے 30 پولیس اہلکاروں کو شہید کر دیا تھا

زیارت (این این آئی) شہدائے زیارت کی میتوں کی آبائی علاقوں میں تدفین کر دی گئی۔ 7 جولائی کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملہ کر کے 30 پولیس اہلکاروں کو شہید (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

کینیڈین وزیر خارجہ انیتا آنند (آج) سرکاری دورے پر پاکستان پہنچیں گی

اسلام آباد (این این آئی) کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند (آج) پیر کو سرکاری دورے پر پاکستان پہنچیں گی۔ ترجمان دفتر خارجہ (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ کا یوم الحاقِ پاکستان پر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار

کشمیری عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے یوم الحاقِ پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کشمیری عوام کی تاریخی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

اسحاق اور وینزویلا کے وزیر خارجہ کا رابطہ، دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور وینزویلا کے نئے تعینات ہونے والے وزیر خارجہ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایران، مفاہمتی یادداشت توڑے یا نہ توڑے کوئی پرواہ نہیں، ٹرمپ کا دوٹوک اعلان

امریکی پالیسی کا محور ایران کے جوہری پروگرام کو محدود رکھنا ہے اور واشنگٹن اس معاملے پر اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا

امریکا کا بنیادی مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ایران کسی بھی صورت جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی جانب سے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر عمل نہ کرنے کے اعلان کو غیر اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اس فیصلے کی کوئی پروا نہیں۔ امریکی ٹی وی کے مطابق صدر ٹرمپ سے ایران کے حالیہ اعلان (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے

حافظ نعیم

دونوں ممالک کے درمیان پیدا ہونے والے مسائل کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور باہمی اعتماد سے تلاش کیا جانا چاہیے

امیر جماعت اسلامی کا پاکستان اور افغانستان کے درمیان مذاکرات، گرینڈ جرگہ اور علاقائی تعاون کے ذریعے کشیدگی ختم کرنے پر زور

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے افغانستان کی عبوری حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کرے، جبکہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان موجود کشیدگی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

بدعنوانی کے خلاف موثر مہم بلاامتیاز جاری رہے گی، بیرسٹر عقیل ملک

ملک کی معاشی اور سماجی صورتحال میں بہتری کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں

حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حکومت کی جانب سے شروع کردہ بدعنوانی کے (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

فاقی وزراء نے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی خاطر غیر سنجیدہ طرزِ عمل اختیار کیا، شرجیل میمن

ن لیگ کے وزراء نے کشمیر میں منفی فضا پیدا کی، بلاول بھٹو آگ بجھانے کی کوشش کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثناء اللہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آزاد کشمیر (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

پٹرول اور ڈیزل کی یومیہ قیمتوں کا تعین مسترد، پمپ مالکان کی ہڑتال کی دھمکی

آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلرز نے مشاورت کے بغیر فیصلہ ناقابلِ قبول قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا یومیہ بنیادوں پر تعین کرنے کے حکومتی فیصلے کو آئل مارکیٹنگ کمپنیوں، پٹرول پمپ مالکان اور ڈیلرز نے مسترد کرتے ہوئے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز نے خبردار کیا ہے کہ اگر فیصلہ واپس نہ لیا گیا تو ملک گیر (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

عمرہ زائرین میں 22 فیصد سے زائد اضافہ، پاکستان پہلے نمبر پر آ گیا

اسلام آباد، مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی وزارت حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ رواں عمرہ سیزن کے آغاز سے اب تک عمرہ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

مستونگ، محکمہ تعلیم کی بس پر مسلح افراد کی فائرنگ، 4 افراد زخمی

کھڈ کوچہ میں کوئٹہ سے پنجگور جانے والی محکمہ تعلیم کی بس پر مسلح افراد نے فائرنگ کر دی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع مستونگ میں محکمہ تعلیم کی بس پر مسلح افراد کی فائرنگ سے چار افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر مستونگ کے علاقے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا ایرانی حملے میں امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر سوگ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف نئی فوجی کارروائی میں ہلاک شدہ دو امریکی فوجیوں کی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

گلگت: وزیراعظم کی ہدایت پر چیئرمین این ڈی ایم اے، جی بی ڈی ایم اے ٹیم کے ہمراہ انسون کی تیاریوں کے ذیلی منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہدا اور حریت رہنماؤں کو سلام، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یوم الحاق پاکستان پر آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہدا (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

آئندہ 24 گھنٹوں میں راوی میں نچلے سے درمیانے درجے کے سیلاب کا امکان

راوی، نالہ بئیں، دریائے بسنتر اور نالہ ڈیک میں اونچے درجے کے سیلاب کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے

نارووال (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق صوبہ بھر کی طرح ضلع نارووال میں بھی آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران دریائے راوی میں نچلے سے درمیانے درجے کے سیلاب کا امکان ہے۔ مزید براں 20 سے 24 جولائی کے دوران دریائے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں فیس بک اور انسٹاگرام سروسز بحال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک اور انسٹاگرام کی سروسز چند گھنٹوں کے بعد (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال تیسرے آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈز کی تقریب میں شریک ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

پاکستان کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا

صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں، عالمی برادری کے لیے گہری تشویش کا باعث ہیں، پاکستان نے ہمیشہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق تنازعہ کے پرامن اور منصفانہ حل کی وکالت کی ہے، اقوام متحدہ اور عالمی برادری کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کو یقینی بنانے کی کوششوں کی حمایت کر کے اپنی ذمہ داری پوری کرے، پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا اور ان کے ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول تک اپنی غیر متزلزل سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ یہ دن ہمیں پاکستان اور جموں وکشمیر کے عوام کے مابین گہرے تاریخی، ثقافتی اور روحانی رشتوں کی یاد دلاتا ہے اور اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے میں کشمیری عوام کی آزادانہ مرضی کا احترام کرنے کی اہمیت کا بھی اعادہ کرتا ہے۔ تقریباً آٹھ دہائیوں سے، جموں وکشمیر کا تنازع اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے باوجود، جن میں جموں وکشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کو تسلیم کیا گیا ہے، حل نہیں ہو سکا، اس بنیادی حق کا مسلسل انکار اور بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیاں، عالمی برادری کے لیے گہری تشویش کا باعث ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق اس تنازعہ کے پرامن اور منصفانہ حل کی وکالت کی ہے۔ ہم عالمی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ پر زور دیتے ہیں کہ وہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کو یقینی بنانے کی کوششوں کی حمایت کر کے اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ میں جموں وکشمیر کے عوام کے حوصلے اور پختہ عزم کو سلام پیش کرتا ہوں، جنہوں نے اپنے جائز حقوق کے حصول کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا اور ان کے ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول تک اپنی غیر متزلزل سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔

سرزمین بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، میر رحمت صالح بلوچ

خواتین کو با اختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے: حاجی اسحاق مینگل

اہل بلوچستان نے بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے: محمد ارسلان فیاض

خواتین کو نظر انداز کر کے کوئی بھی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا: فائزہ سکندر، جہاں آرا تبسم، فاطمہ خان، ثریا جان

خواتین ملک وقوم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں: فردوس، پلوشہ خان، نورین درانی، سادیہ عاطف

ہماری حوصلہ مند ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور بھائیوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے: ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عرفان، شاہ محمد عمرانی، ملک عاصم

تقریب میں صبا مگسی، صبیحہ رخسانہ، ڈاکٹر ہما نعیم ترین، ڈاکٹر رابعہ ظفر، عنبرین حبیب، عظیم انجم ہانبھی، پروفیسر ڈاکٹر عیبہا فراست، ڈاکٹر کلثوم نور، ڈاکٹر نازیہ رزاق، ڈاکٹر لائبہ راحیل، فائزہ شمس، بانک صورت بیان پروفیسر سارہ گل، ردا کنول، منور جبین و دیگر میں اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈز" تقسیم کیے گئے

کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) سابق صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ہمارے لوگوں نے نہ صرف قومی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، خواتین کو با اختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام منعقدہ "اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈ" کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف فائزہ سکندر، جہاں آرا تبسم، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عرفان، شاہ محمد عمرانی، فاطمہ خان، ملک عاصم اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ سرزمین بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہمارے لوگوں کو مواقع فراہم کیے جائیں اور سہولیات دی جائیں مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہماری حوصلہ مند ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور بھائیوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے مقررین نے کہا کہ خواتین کو نظر انداز کر کے کوئی بھی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا، خواتین ملک وقوم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں اور انہیں تعلیم، روزگار اور فیصلہ سازی کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے مقررین نے بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی جانب سے مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کی حوصلہ افزائی کے لیے ایوارڈز کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثبت اقدام قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی خواتین اور دیگر شخصیات میں "اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈز" تقسیم کیے گئے جن میں صبا مگسی، صبیحہ رخسانہ، ڈاکٹر ہما نعیم ترین، ڈاکٹر رابعہ ظفر، عنبرین حبیب، عظیم انجم ہانبھی، پروفیسر ڈاکٹر عیبہا فراست، ڈاکٹر کلثوم نور، ڈاکٹر نازیہ رزاق، ڈاکٹر لائبہ راحیل، فائزہ شمس، بانک صورت بیان، پروفیسر سارہ گل، ردا کنول، منور جبین و دیگر شامل تھی۔

محبت نوحہ شبِ تاریک نہیں ہے

تحریر۔ رضا بلوچ

"محبت ایک پاک جذبہ اور عبادت ہے، جسے آج کل ایک مذاق اور فریب بنا دیا گیا ہے"۔ بظاہر یہ ایک سادہ سا جملہ ہے، لیکن اگر ہم عصرِ حاضر کے سماجی بگاڑ، اخلاقی تنزلی اور رشتوں کی بے ثباتی کا گہرا مائیکروسکوپک جائزہ لیں، تو یہ اقتباس اس مادی اور مشینی دور کا وہ نوحہ ہے جہاں جذباتی سچائیاں، وقتی مفادات کی بھینٹ چڑھ چکی ہیں۔ یہ ہمارے معاشرے کی دم توڑتی اخلاقیات پر ایک ایسا سنگین سوالیہ نشان ہے جس کا جواب ڈھونڈنا اب ناگزیر ہو چکا ہے۔

محبت ایک لازوال، بے لوث اور گہرا جذباتی لگاؤ ہے۔ یہ صرف دو انسانوں کے درمیان پیار، خلوص اور الفت کا نام نہیں، بلکہ یہ کائنات کو جوڑنے والا وہ جذبہ ہے جو خود کی ذات سے لے کر کائنات کی ہر شے تک محسوس کیا جا سکتا ہے۔

محبت کی چند اہم اقسام:

* عشق: محبت کی انتہا اور جنون کی کیفیت کو عشق کہا جاتا ہے۔
* خود سے محبت: اپنی ذات کو قبول کرنا اور اپنی قدر کرنا بھی محبت کی پہلی سیڑھی ہے۔
* انسانی رشتے: والدین، بہن بھائیوں اور دوستوں کے مابین شفقت اور خلوص کا رشتہ۔

ادب اور شاعری میں محبت کا مقام بہت بلند ہے۔ انسانی تاریخ، فلسفہ اور عالمی ادب گواہ ہیں کہ محبت ہمیشہ سے تہذیبوں کی روح اور کائنات کا اصل حسن رہی ہے۔ صوفیانہ روایات اور کلاسیکی فکر میں اسے محض ایک جبلت نہیں، بلکہ روح کی بالیدگی اور خدائی صفت مانا گیا ہے۔ صوفیائے کرام کے ہاں محبتِ مجازی (انسان سے پیار) دراصل محبتِ حقیقی (خالق سے لو لگانا) کا پہلا زینہ ہے۔ جب محبت میں خلوص، بے غرضی اور احترام شامل ہو، تو وہ واقعی عبادت بن جاتی ہے، جہاں انسان اپنی انا کو مٹا کر محبوب کی رضا میں گم ہو جاتا ہے۔ اردو ادب کے عظیم شاعر میر تقی میر نے کائنات کے اس الٰہی نظام کی عکاسی کرتے ہوئے کہا تھا:

عشق ہی عشق ہے جہاں دیکھو
سارے عالم میں بھر رہا ہے عشق

اور اسی جذبے کے پاکیزہ تقدس کو احمد ندیم قاسمی نے اپنے اس لافانی شعر میں یوں سمویا:

عبادت کی طرح ہم نے کیا ہے احترام اس کا
محبت کو محبت کی طرح رہنے دیا ہم نے

اور بقول ڈاکٹر لبنیٰ "عکس" صاحبہ:

"محبت اور عشق کے درمیاں یہ فرق ہے کہ محبت دو طرفہ ہوتی ہے، جبکہ عشق یک طرفہ ہوتا ہے"

بد قسمتی سے اکیسویں صدی کی مادی دوڑ، لبرل کنزیومرازم (Consumerism) اور سوشل میڈیا کے سستے گلیمر نے ہماری جذباتی گہرائی کو سطحی بنا دیا ہے۔ آج ہم ایک ایسے عالمی المیے یعنی "تھرو اوے کلچر" (CultureThrowaway) میں جی رہے ہیں جہاں چیزوں کی طرح انسانوں، جذبوں اور رشتوں کو بھی عارضی افادیت (Utility) کے تحت استعمال کر کے پھینک دیا جاتا ہے۔ نامور مصنفہ اور شاعرہ ڈاکٹر لبنیٰ عکس نے اسی فکری و جذباتی یکسوئی کو کیا خوبصورت انداز میں بیان کیا ہے:

یا تو ہوتا ہے یا نہیں ہوتا
عشق میں شائبہ نہیں ہوتا

مگر افسوس! آج کا انسان اسی 'شائبے'، شک اور عارضی پن کے گرد رشتوں کی بنیاد رکھ رہا ہے۔ جدید دور کے اسی المیے اور جذباتی کھوکھلے پن کو عبیداللہ علیم نے یوں محسوس کیا تھا:

وہ دور اور تھا کہ محبت تھی اک عبادت
اب تو یہ مشغلہ ہے، ضرورت ہے، کھیل ہے

اس "کھیل" کا سب سے بھیانک، تاریک اور شرمناک پہلو وہ گھناؤنا فریب ہے جس کا شکار آج کے معصوم اور جذباتی طور پر ناپختہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہو رہے ہیں۔ ڈیجیٹل اسکرینز اور فیک آئی ڈیز کے پیچھے چھپے ہوئے نفسیاتی شکاری (Digital Predators)، محبت کے اس پاکیزہ نام کو ایک باقاعدہ "بلیک میلنگ انڈسٹری" اور "مالی لوٹ مار" کا ذریعہ بنا چکے ہیں۔ معصوم جذبات کا سودا کرنا، وفاداری کے کھوکھلے دعوے کر کے کسی کی عزت اور زندگی کو تماشہ بنا دینا، اور پھر مالی یا جنسی مفادات کے لیے بلیک میل کرنا بدترین اخلاقی دیوالیہ پن اور ضمیر کی موت ہے۔

محبت کے نام پر ہونے والا یہ کھلواڑ صرف ایک سماجی برائی نہیں، بلکہ ایک سنگین اخلاقی اور قانونی جرم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ یہ ان لٹیروں کی ذہنی پستی اور کمینگی کا ثبوت ہے جو ایک مقدس جذبے کی آڑ میں اپنی ہوس اور مادی لالچ کی پیاس بجھاتے ہیں۔ اس گھناؤنے کھیل نے حقیقی رشتوں پر سے نوجوان نسل کا اعتبار ہی اٹھا دیا ہے، جس کے نتیجے میں معاشرے میں ڈیپریشن، شدید تنہائی اور نفسیاتی امراض کی ایک عالمی وبا پھیل رہی ہے۔ رشتوں کی اس منافقت اور بے حسی پر وسیم بریلوی کا یہ شعر بالکل صادق آتا ہے:

لوگ ملتے ہیں تو مٹنے کی دعا دیتے ہیں
آج کے دور میں تعویذِ وفا دیتے ہیں

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ جب تک ہم اپنے خاندانی نظام، تعلیمی اداروں اور میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی اخلاقی تربیت نہیں کریں گے، جب تک رشتوں میں "خلوصِ دل"، "حیا"، "صبر" اور "احترام" کو واپس نہیں لائیں گے، تب تک محبت صرف ایک مادی کھلونا اور فریب کا آلہ بنی رہے گی۔ ہم سب کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے کہ اگر ہم نے اپنے جذباتی نظام کو اس ڈیجیٹل فریب سے پاک نہ کیا، تو ٹیکنالوجی کی اس چکاچوند میں ہماری انسانی روحیں ہمیشہ کے لیے پیاسی، کھوکھلی اور تنہا رہ جائیں گی۔

درحقیقت محبت ایک عظیم جذبہ ہے، قدرت کا عطیہ ہے اور نعمت ہے۔ محبت روح کی روشنی ہے، تازگی ہے۔ محبت دل میں اگنے والا ایسا سدا بہار پودا ہے، جس پر کسی خزاں کا کبھی اثر نہیں ہوتا۔ محبت وہ اثر ہے جو ہمیشہ دل و دماغ پر چھایا رہتا ہے۔ محبت ہمیشہ قائم رہنے والا جذبہ ہے۔ محبت ایثار، قربانی، صبر و برداشت کا دوسرا نام ہے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

یہ محبت کی کہانی نہیں مرتی لیکن
لوگ کردار نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں۔

محبت کو عام طور پر دو دلوں کا سودا بھی کہتے ہیں لیکن یہ ہرگز، ہرگز، ہرگز بھی کاروبار نہیں ہے۔ محبت تو امید سحر روشن ہے، نوحہ شبِ تاریک نہیں ہے۔ محبت قول و اقرار کا نام ہے استفسار و انکار کا نہیں۔ لیہ کے ہمارے ایک رفیقِ عزیز نے ہمیں اک خوب صورت شعر سنایا تھا سو یاد آ گیا ہے:

"دل کو کہاں قبول دماغوں کے فیصلے،
دل تو محبتوں کے قبیلے کا فرد ہے"۔

لیہ کے جناب محمد خالد یوسفی صاحب نے کیا خوب کہا ہے کہ:

"محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے"،
زمیں کے اس سفر میں،
کوئی شے گر آسمانی ہے، محبت ہے
محبت تو اجالا ہے، محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے
محبت روشنی ہے، محبت ابر بنتے آسماں کا اک ستارا ہے
محبت استعارہ ہے
جگنوؤں کے دیس کو جاتے سبھی رستے
شفق کے رنگ سارے، اور برستی بارشوں کے جلترنگ میں،
محبت کا ہی چہرہ ہے،
محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے،
سحر کی آنکھ میں آنسو نہیں ہے، یہ اجالا ہے، کہ جیسے دن نکلنے والا ہے، محبت صبح کا حوالہ ہے،
"محبت نوحہ شب تاریک نہیں ہے"۔

براھوئی سندھی زبان کے ادیب شاعر محقق حضرت علامہ جوھر براھوئی



براھوئی سندھی زبان کے ادیب شاعر محقق حضرت علامہ جوھر براھوئی عرف عبدالقیوم ساسولی بلوچستان سے ہجرت کر کے سندھ کے شہر میہڑ فرید آباد سندھ میں ایک دینی مدرسے کا بنیاد رکھا اور انہوں نے علمائے " دیوبند " کے نقش قدم پر چل کر درس و تدریس کا کام شروع کیا

اور ساتھ ساتھ براھوئی سندھی زبان میں شاعری بھی کرتے رہے اور سندھی براھوئی زبان میں تقریباً 80 کتابیں لکھ چکے تھے

براھوئی اکیڈمی کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے انکی علمی و ادبی مادری زبان براھوئی سندھی زبان میں انکی خدمات کی روشنی میں انکی یوم وفات پر 18 جولائی کو تقریب منعقد ہوئی

اور بحیثیت ایک کتاب قلم دوست "ان کے نام سے میں نے اپنا " جوھر ادبی تنظیم پاکستان "" کینام سے ادبی تنظیم علم و ادب شعور و فکر نوجوان نسل کو شعر و شاعری کی جانب گامزن کرنے کیلئے جوھر ادبی تنظیم کا قیام عمل میں لایا

اور اس تنظیم کا سنگ بنیاد ہم نے ضلع جیکب آباد کے شاعر دوستوں کیساتھ مل کر رکھا اور اسوقت پانچ شاندار مشاعرے منعقد کروا چکے ہیں

لہذا تمام دوست احباب اپنی شرکت یقینی بنائیں۔

رہبر معظم کے جنازے میں ایرانی قوم کی بیداری

کالم نگار۔ ڈاکٹر سید ابوالحسن میری

(گزشتہ پیوستہ) کسی مخصوص گروہ کی آواز نہیں تھے، بلکہ یہ ایک بیدار ملت کا حماسی ماتم ہے جس نے اپنے قائد کے نظریات کو کینہ پرور دشمنوں کے تیروں کا ہدف بنتے دیکھا ہے۔ جس طرح بلوچ اور پشتون کی غنی ثقافت میں قبیلے کے کسی بزرگ اور پیر کا خون کبھی رائیگاں نہیں جاتا اور وہ جوانوں کو اپنے حق کے لیے اٹھ کھڑے ہونے پر ابھارتا ہے، اسی طرح ایران میں بھی یہ جنازہ پہلے ہی دن سے مستکبرین کے خلاف ایک بہت بڑی عوامی عدالت میں بدل گیا۔ عوام کا یہ سیلاب یہ بتانے آیا تھا کہ ایران کی طاقت کا اصل محور اس جرم کا جواب دینے کے لیے ایک اشارے کا منتظر ہے۔

ان دنوں کا سرکاری نعرہ یعنی "ہمیں اٹھ کھڑا ہونا چاہیے" (ما باید بپا خیزیم)، عین اسی بیداری، عوامی عزم اور ظالموں کے خلاف ٹکراؤ کے ایک نئے باب کا عکاس ہے۔ لوگ یہ کہتے آئے تھے کہ اگرچہ امت کے رہبر کے دل کی دھڑکن رک گئی ہے، لیکن قدس کی آزادی، غزہ اور کشمیر کے مظلوموں کی حمایت، اور عالمِ اسلام کی عزت کے تحفظ کا ان کا مشن اب ہمارے خون کے ایک ایک قطرے میں دوڑ رہا ہے۔

اس عظیم غم کی لہریں تیزی سے تفتان کی سرحد کو عبور کرتے ہوئے صوبہ بلوچستان میں مقیم اپنے پاک دل پاکستانی بھائیوں اور بہنوں کے دلوں میں سرایت کر گئیں۔ کوئٹہ اور اس صوبے کے دیگر شہروں میں گہری ہمدردی کا اظہار، تعزیتی مجالس کا انعقاد، اور عوام کے پیغامات میں جھلکتا ہوا دلی سوز اس بات کا ثبوت ہے کہ اس خطے کی منتظر آنکھیں بھی اس دکھ اور انتقام کی اس گرج میں ایران کے ساتھ ہم آواز رہی ہیں۔

وہ عوام جو اپنی ثقافت میں "پیر و پیشوا" کی حرمت کو سب سے اعلیٰ قدر مانتے ہیں اور غیرت کو اپنی زندگی کا سرنامہ بناتے ہیں، وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ آج ایران اس طرح یک زبان ہو کر کھڑے رہنے کا نعرہ کیوں بلند کر رہا ہے۔ اس دکھ نے دونوں پڑوسی قوموں کے خونی اور تہذیبی رشتے کو پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط کر دیا ہے۔

شہید امام خامنہ ای کے بعد کا ایران، انہی بیدار عوام کی پشت پناہی اور انقلاب کے نئے قائد، حضرت آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای کی مدبرانہ اور پُرعزم قیادت کے زیرِ سایہ، ماضی سے کہیں زیادہ مقتدر اور پرعزم انداز میں اپنی راہ پر گامزن رہے گا۔ اس تاریخی جنازے میں ملت کی یکمشت بیعت نے دنیا کو ایک واضح پیغام دیا ہے کہ مزاحمت کا پرچم کبھی سرنگوں نہیں ہوگا، اور اس عوامی نظام کا مستحکم ڈھانچہ اپنے جوانوں کے بازوئے انتقام اور نئی قیادت کے احکامات کے سہارے عزت کے ایک نئے باب کا آغاز کرے گا۔ اس رہبرِ شہید کی میراث جو کہ اسلام کی سربلندی اور پڑوسیوں کے ساتھ برادرانہ اتحاد ہے، آج اس نسل کے ہاتھوں میں ہے جو سرخ پرچموں کے طوفان اور انتقام کے نعروں کے درمیان دوبارہ متولد ہوئی ہے۔

☆☆☆☆

پروفیسر آفتاب شاہ کا شعری مجموعہ "کوئی نہیں" کا تجزیاتی مطالعہ (گزشتہ سے پیوستہ)



تحریر۔ ڈاکٹر رحمت عزیز خان چترالی

لام للکار گئی، گھر کی چہکار گئی
دل کا دلدار تھا جو، دل کا عنوان ہوا
میم سے موت کوئی، دیکھے رتبہ نہ یہاں
گنگو تیلی ہو یا پھر اکڑا سلطان ہوا
نون سے ناؤ چلی، زندگی اور ہوئی
اپنوں کی جان تھا جو، مثلِ مسکان ہوا
واؤ وعدوں میں تو سب، روز مرتے ہیں مگر
مرتا ہے کون یہاں؟ کون قربان ہوا
ہے سے ہادی نے کہا، میرے ہو جاؤ میاں
ورنہ پچھتاؤ گے تب، جب نہ عرفان ہوا
نام مس سب کو ملا، کوئی کیا اس سے بچا
مادھو بیراگی ہوا، ملا رمضان ہوا
یے سے یارب تو مجھے، رکھنا رحمت میں سدا
تیرا مجرم ہوں مگر، تیرا دربان ہوا
یے سے یاری میں رہو اُس سے الفت میں رہو
جس کی ہستی سے سدا، رب کا وردان ہوا

اسی طرح عشق پر مبنی طویل نظم میں شاعر نے عشق کو صرف رومانوی جذبہ نہیں بلکہ ایک ہمہ گیر روحانی اور انسانی قوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ رومی، جامی، منصور، اویس قرنی، مجنوں اور فرہاد جیسے استعاروں کے ذریعے عشق کی مختلف جہتوں کو یکجا کرنا شاعر کی مطالعاتی وسعت کی نشاندہی کرتا ہے۔ کہیں کہیں الفاظ کی تکرار شعوری صنعت کے طور پر سامنے آتی ہے جس سے نظم کی صوتی موسیقیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

عورت پر لکھی گئی نظم بھی قابل توجہ ہے۔ شاعر عورت کو صرف حسن کا استعارہ نہیں بناتا بلکہ اسے ماں، بہن، بیٹی، بیوی، عزت، غیرت، تہذیب اور حیات کے استعارے کے طور پر دیکھتا ہے۔ اس نظم میں عورت کی شخصیت کے مختلف پہلو مسلسل تصویری انداز میں ابھرتے ہیں۔ اگرچہ بعض مقامات پر صفاتی الفاظ کی کثرت نظم کو بیانیہ بنا دیتی ہے، لیکن مجموعی طور پر شاعر کا احترامِ نسواں نمایاں رہتا ہے۔

آفتاب شاہ کی غزلوں کا ایک اہم وصف ان کی سادہ اور عام فہم زبان ہے۔ وہ مشکل تراکیب، مصنوعی استعاروں اور غیر ضروری لفظی پیچیدگی سے گریز کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی بعض غزلیں سوشل میڈیا پر بھی غیر معمولی مقبولیت حاصل کر چکی ہیں۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ بعض اشعار میں فکری گہرائی کے بجائے جذباتی اظہار غالب آ جاتا ہے۔ اگر آئندہ مجموعوں میں شاعر علامتی، تہہ دار اور کثیر المعنی اظہار کو مزید فروغ دیں تو ان کی شاعری کا دائرہ مزید وسیع ہو سکتا ہے۔

آفتاب شاہ کے ہاں کلاسیکی روایت کی بازگشت بھی سنائی دیتی ہے اور جدید حسیت بھی۔ میر کی سادگی، اقبال کی فکری حرارت اور جدید غزل کی داخلی کیفیت مختلف مقامات پر محسوس ہوتی ہے، مگر شاعر کسی کی تقلید نہیں کرتا بلکہ اپنی الگ شناخت قائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

کتاب کی ایک بڑی خوبی شاعر کی انکساری ہے۔ وہ خود کو بڑا شاعر قرار دینے کے بجائے مسلسل سیکھنے والا انسان سمجھتے ہیں۔ یہی انکسار انہیں علمی اعتبار سے معتبر بناتا ہے۔ انہوں نے اپنے اساتذہ اور اصلاح کرنے والوں کا جس خلوص سے اعتراف کیا ہے، وہ ہماری ادبی روایت کی خوبصورت مثال ہے۔

فنی اعتبار سے دیکھا جائے تو "کوئی نہیں" میں زبان کی روانی، بحر پر گرفت، قافیہ و ردیف کی ترتیب، داخلی موسیقیت اور جدید احساسات کا مناسب امتزاج موجود ہے۔ اگرچہ چند مقامات پر اختصار، تہہ داری اور شعری ارتکاز کی مزید گنجائش محسوس ہوتی ہے، لیکن مجموعی طور پر یہ مجموعہ معاصر اردو غزل میں ایک مثبت اضافہ ہے۔

اردو شاعری کی موجودہ صورت حال میں جب سطحی اظہار اور فوری مقبولیت کو معیار سمجھا جانے لگا ہے، ایسے وقت میں "کوئی نہیں" اس بات کی دلیل ہے کہ مسلسل مطالعہ، اصلاح، تنقید کو قبول کرنے کا حوصلہ اور زبان سے محبت ایک عام انسان کو بھی معتبر شاعر بنا سکتی ہے۔

آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پروفیسر آفتاب شاہ کا یہ مجموعہ صرف ان کی تیسری کتاب ہی نہیں بلکہ ان کے فکری اور فنی ارتقا کی دستاویز بھی ہے۔ یہ کتاب اس سفر کی گواہ ہے جو انکار سے اقرار تک، تنقید سے قبولیت تک اور شوق سے شعور تک پہنچا ہے۔ توقع کی جا سکتی ہے کہ آنے والے برسوں میں آفتاب شاہ اپنی تخلیقی ریاضت، مطالعے اور فکری وسعت کے ذریعے اردو غزل کے معاصر منظرنامے میں مزید نمایاں مقام حاصل کریں گے، اور "کوئی نہیں" ان کے ادبی سفر کا ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

بقیہ 1

روز سکھر کا دورہ کیا۔ وفد میں صوبائی وزراء میر محمد سلیم کھوسہ، میر محمد خان لہڑی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بلوچ شامل تھے۔ وفد کے دورے کا مقصد پٹ فیڈر کینال اور کھیر تھر کینال میں حالیہ پانی کی کمی پر حکومت سندھ کے متعلقہ حکام سے بات چیت کرنا تھا۔ وفد نے سکھر میں محکمہ آبپاشی سندھ کے متعلقہ حکام سے طویل بات چیت کے بعد کراچی پہنچ کر صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو اور سیکرٹری آبپاشی ظریف احمد کھیوڑو سے باقاعدہ سرکاری مذاکرات کیے۔ اس موقع پر وفد کے دیگر شرکاء میں بلوچستان سے صوبائی وزیر سردار فیصل خان جمالی، چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی، کوآرڈینیٹر سمیع بلوچ اور ایکسین پٹ فیڈر فرید احمد پندرانی شامل تھے۔ مذاکرات میں بلوچستان کے وفد نے واضح موقف اختیار کیا کہ سندھ حکومت محکمہ آبپاشی 1971 کے معاہدے کے مطابق بلوچستان کے حصے کا پانی فراہم کرے۔ معاہدے کے تحت پٹ فیڈر کینال کے لیے 6700 کیوسک اور کھیر تھر کینال کے لیے 2400 کیوسک پانی متعین ہے۔ پانی کی کمی سے ہمارا پورا علاقہ اور خصوصاً زمیندار و کسان بھائی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ دونوں صوبوں کے اعلیٰ حکام کے مابین چار گھنٹوں سے زائد طویل مذاکرات کے بعد صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ بلوچستان کے حصے کا پانی ہر صورت میں جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال میں شارٹ فال پورا کرنے کے لیے 700 کیوسک جبکہ کھیر تھر کینال میں 1000 کیوسک اضافی پانی کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی۔ دونوں وفود نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ گفت و شنید اور باہمی مشاورت کے ذریعے درپیش مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر جام خان شورو نے بلوچستان کے وفد کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ بھی دیا۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ ہمیں بلوچستان کے مفادات شروع دن سے ہی عزیز ہیں۔ پانی کی کمی پر کسی قسم کی کوتاہی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ہمیں بخوبی احساس ہے کہ پانی کی کمی سے لوگوں کو معاشی مسائل کا سامنا ہے، اس لیے صوبائی حکومت زمینداروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور وہ خود اس اہم مسئلے کے حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اقدامات کر رہے ہیں۔ سکھر اور کراچی میں ان مذاکرات کا مقصد ہی عوام کو پانی کی کمی سے درپیش مشکلات کا حل ہے

بقیہ 2

ڈوکی و دیگر صحافیوں نے سینئر صحافی، معروف ناول نگار اور میڈیا شخصیت قیوم بلوچ کو بلوچستان میڈیا فورم کا صوبائی صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ان کی قیادت میں صوبے بھر میں صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سبی کے رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قیوم بلوچ صحافت کے میدان میں ایک باوقار، تجربہ کار اور باصلاحیت شخصیت ہیں، جنہوں نے طویل عرصے تک صحافتی خدمات انجام دیتے ہوئے نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کیا بلکہ قلم کے ذریعے معاشرتی شعور کی بیداری میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ان کا شمار بلوچستان کے ممتاز صحافیوں اور ادیبوں میں ہوتا ہے، اس لیے ان کا بلوچستان میڈیا فورم کا صوبائی صدر منتخب ہونا صحافتی برادری کے لیے خوش آئند پیش رفت ہے انہوں نے کہا کہ قیوم بلوچ صحافیوں کو درپیش مسائل، پیشہ ورانہ چیلنجز اور فلاحی امور سے بخوبی آگاہ ہیں

بقیہ 3

جمالی، فراز احمد عمرانی، جاوید احمد جمالی، حاجی مہر دینار اور ثناء اللہ جمالی کی قیادت میں ہونے والے اس احتجاج کے دوران مظاہرین نے شامیانے لگا کر روڈ بلاک کر دیا، جس سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ موقع پر موجود رہنماؤں نے سخت احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ 19 جولائی گزرنے کے باوجود بیگاری کینال کی ٹیل تک پانی نہیں پہنچ سکا، جس کی وجہ سے کاشتکاروں کی جانب سے لگایا گیا بیجارہ سوکھ کر تباہ ہو چکا ہے، جبکہ دیگر کاشتکار پانی کی عدم دستیابی کے باعث کاشتکاری کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فصل کی کاشت کا سیزن اپنے اختتام کی جانب گامزن ہے

بقیہ 4

سے شروع ہو کر مین آر سی ڈی شاہراہ سے گزری۔ شرکا نے وفاقی وزیر تجارت نواب جام کمال خان اور رکن بلوچستان اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے لسبیلہ کو ڈویژن کا درجہ دلانے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سابق ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین قادر بخش جاموٹ اور دیگر مقررین نے کہا کہ لسبیلہ کو ڈویژن کا درجہ دلانے میں نواب جام کمال خان اور نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈویژن بننے سے علاقے میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، سرکاری دفاتر اور عوامی سہولیات میں اضافہ ہوگا، جبکہ عوام کے مسائل مقامی سطح پر حل کرنے میں بھی آسانی ہوگی۔ مقررین نے کہا کہ نواب جام کمال خان نے لسبیلہ کے عوام کے مسائل کو ان کی دہلیز پر حل کرنے کے وژن کے تحت ڈویژن کے قیام کے لیے بھرپور کوششیں کیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں۔

بقیہ 5

منصوبے کو بھی مکمل نہ کروا سکنا عوامی نمائندگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ اگر حکومت میں عوامی نمائندوں کی بات نہیں سنی جاتی اور وہ بجلی کی بحالی کے لیے فنڈز بھی فراہم نہیں کروا سکتے تو وہ کھل کر عوام کو بتائیں۔ اگر واقعی یہی صورتحال ہے تو کرخ کے عوام خود چندہ جمع کر کے بجلی کی بحالی کے اخراجات پورے کرنے کے لیے تیار ہیں۔ عوام کو صرف یہ بتایا جائے کہ کتنی رقم درکار ہے اور یہ رقم کس کے پاس جمع کرائی جائے تاکہ بجلی کی بحالی کا عمل شروع کیا جا سکے۔ عوامی حلقوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے امیدوار بڑے بڑے وعدے اور دعوے کرتے ہیں، لیکن عملی طور پر ایک بنیادی عوامی مسئلہ بھی حل نہیں ہو پا رہا۔

بقیہ 6

اور پیشہ ور پولیس افسر ہیں۔ وہ اس سے قبل بھی گنداواہ سٹی میں ایس ایچ او کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں، جہاں انہوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں کر کے امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ میر غلام حسین مغلانی مگسی نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ ایس ڈی پی او کی حیثیت سے بھی ذوالفقار علی پندرانی اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم کے خاتمے، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کریں گے۔ ان کی تعیناتی سے گنداواہ اور گردونواح میں امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی

بقیہ 7

سرچ اور چیکنگ آپریشن کیا کارروائی کے دوران گاڑیوں کے کالے شیشے صاف کیے گئے، غیرقانونی نمبر پلیٹس ہٹائی گئیں، گاڑیوں کے کاغذات اور شہریوں کے قومی شناختی کارڈ جدید نظام کے ذریعے چیک کیے گئے سٹی پولیس نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ہر وقت اپنا قومی شناختی کارڈ اپنے پاس رکھیں، ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور کالے شیشوں و غیرقانونی نمبر پلیٹس کے استعمال سے اجتناب کریں۔

بقیہ 8

پر دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے ڈپٹی کمشنر حب نے پولیس، اسسٹنٹ کمشنرز، بلدیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی ہے کہ دفعہ 144 پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ساحلی علاقوں، حب دریا کے کناروں اور دیگر حساس مقامات پر وارننگ بورڈز اور پینا فلیکس آویزاں کیے جا رہے ہیں، جبکہ عوامی آگاہی کے لیے خصوصی مہم اور اعلانات بھی جاری ہیں تاکہ شہریوں کو حفاظتی اقدامات اور نافذ کردہ پابندی سے مکمل طور پر آگاہ رکھا جا سکے ڈپٹی کمشنر حب نے عوام الناس، بالخصوص والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو غیرمحفوظ مقامات پر جانے سے روکیں اور انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ حفاظتی ہدایات پر عمل کریں انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور اس ضمن میں عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے

بقیہ 9

، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ منفی پروپیگنڈے بے بنیاد الزامات اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے قوم کی توجہ ملک کو درپیش حقیقی مسائل سے نہیں ہٹائی جا سکتی۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن نے جن قومی، آئینی، سیاسی اور عوامی مسائل کی نشاندہی کی ہے ان پر سنجیدہ غور و فکر کی ضرورت ہے مگر افسوس کہ ان مسائل کے حل کی کوشش کرنے کے بجائے بعض حلقے منفی پروپیگنڈے اور کردار کشی کی مہم میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا مؤقف عوامی امنگوں کا ترجمان ہے جسے ملک کے باشعور عوام کی وسیع تائید حاصل ہو چکی ہے۔

بقیہ 10

کو فوری طور پر منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ فورم کے جاری کردہ اعلامیہ میں ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو معاشی قتل عام پالیسی قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے۔ اس پالیسی سے مقامی اخبارات جو عشروں سے بلوچستان اور عوام کی خدمت میں سرگرم عمل ہیں۔ انہیں بند کرنے کی سازش کی گئی ہے۔ اس عمل سے مقامی اخبارات سے وابستہ درجنوں سینئر صحافی، دفتری ملازمین، پرنٹنگ پریس کے درجنوں ملازمین، ہاکرز، مختلف علاقوں میں بطور نامہ نگاران صحافیانہ خدمات انجام دینے والے صحافی بےروزگار ہو رہے ہیں۔ اور صوبے سے حقیقی صحافت کا باب بند ہونے والا ہے۔ اعلامیہ میں سیاسی جماعتوں، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، ٹریڈ یونینز، وکلاء برادری، سماجی تنظیموں، انسانی حقوق کے اداروں اور تنظیموں اور صوبے بھر کے عوام سے اپیل کی گئی ہے۔ کہ وہ اس ظلم کے خلاف مقامی اخبارات اور ان سے متعلق سینکڑوں کارکنان کیلئے آواز بلند کریں۔ جو ان پر فرض بھی ہے۔ اعلامیہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپیل کی گئی ہے۔ کہ وہ متنازعہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی منسوخ کرے

بقیہ 11

مظاہرے شروع کر دیے ہیں انہوں نے علاقے میں پانی کے سنگین بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اوچ شاخ، نصیر شاخ اور جھڈیر شاخ کے آخری سروں (ٹیل) تک زرعی پانی کی فراہمی کا نظام مکمل طور پر مفلوج ہو چکا ہے۔ پانی کی عدم دستیابی کے باعث چاول کی تیار پنیری جھلس رہی ہے، جس سے مقامی آبادگاروں کو کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے پانی کی منصفانہ تقسیم نہ ہونے اور محکمہ ایریگیشن کی مبینہ غفلت کی وجہ سے کاشتکار فاقہ کشی پر مجبور ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ زرعی پانی کی اس شدید قلت کے خلاف متاثرہ زمیندار و کاشتکار سراپا احتجاج ہیں۔ وہ مختلف شاخوں کے کناروں، شاہراہوں اور مختلف چوکوں پر رکاوٹیں کھڑی کر کے اپنے روزاحتجاج کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے

بقیہ 12

آرچری کلب کے تمام ممبران نے شرکت کی۔ محبِ وطن پینل کی جانب سے نسیم خان نے صدر، عامر خان نے جنرل سیکریٹری اور محمود خان نے سیکریٹری فنانس کے لیے کاغذات جمع کرائے تھے جبکہ مقابلے میں نہ کسی انفرادی امیدوار اور نہ ہی کسی پینل کی جانب سے کاغذات جمع کرائے گئے تھے چنانچہ ممبران نے اتفاق رائے سے ہینڈ شیک کے ذریعے نسیم خان کو صدر، عامر خان کو جنرل سیکریٹری اور محمود خان کو فنانس سیکریٹری عرصہ چار سالہ مدت کے لیے منتخب کیے سٹار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے نو منتخب صدر نسیم خان نے ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر کوئٹہ ارسلان خان نورزئی، بلوچستان تیراندازی ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر دانش مری، صدر محمد امین بادینی کا سٹار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے انتخابات میں بطور مبصر شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کلب بنیادی سطح پر تیراندازی کھیل کے فروغ کے لیے کوششیں جاری رکھیں گے

بقیہ 13

اقدام قرار دیتے ہوئے اس کا بھرپور خیرمقدم کیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ راڑہ شم اور اندرپور کا شمار قدیم زمانے سے کوہ سلیمان کے دامن میں واقع ان علاقوں میں ہوتا ہے جہاں کے عوام کی سماجی، قبائلی، ثقافتی اور معاشی وابستگیاں ہمیشہ کوہ سلیمان کے دیگر علاقوں سے رہی ہیں۔ مقامی آبادی کی زبان، روایات، رہن سہن اور باہمی روابط اس حقیقت کے واضح عکاس ہیں کہ یہ علاقے قدرتی اور تاریخی لحاظ سے کوہ سلیمان کا اٹوٹ حصہ ہیں۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ برطانوی دور سے لے کر بعد کے مختلف انتظامی ادوار تک ان علاقوں کی شناخت کوہ سلیمان کے خطے کے ساتھ منسلک رہی ہے، جبکہ مقامی قبائل کے درمیان صدیوں پر محیط رشتے، چراگاہیں، تجارتی راستے اور سماجی تعلقات بھی اسی جغرافیائی وحدت کا ثبوت ہیں۔ اس لیے انہیں کسی دوسرے انتظامی ڈویژن سے منسلک کرنا نہ صرف تاریخی حقائق سے انحراف ہوگا بلکہ مقامی عوام کے جذبات اور خواہشات کے بھی برعکس ہوگا۔ معتبرین نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے یہ فیصلہ کر کے ثابت کیا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت انتظامی معاملات میں سیاسی مصلحت کے بجائے زمینی حقائق، عوامی مفاد اور تاریخی حیثیت کو اہمیت دے رہی ہے۔ اس فیصلے سے کوہ سلیمان ڈویژن کے عوام میں اعتماد پیدا ہوا ہے اور یہ اقدام مستقبل میں انتظامی استحکام، بہتر طرز حکمرانی اور علاقائی یکجہتی کے فروغ کا باعث بنے گا۔

بقیہ 14

نے کہا ہے کہ امریکہ کی جارحانہ پالیسیوں سے عالمی اور علاقائی امن کو شدید خطرات لاحق ہو رہے ہیں، جبکہ جنگوں نے ہمیشہ خطوں کو تباہی، بدامنی اور عدم استحکام سے دوچار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رہنماؤں نے کہا کہ عالمی برادری امریکہ کی مبینہ جارحیت اور طاقت کے استعمال کا نوٹس لے اور خطے کو مزید کشیدگی سے بچانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل تنازعات کے باعث عالم اسلام کے امن، معیشت، دفاع اور ترقی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر موجودہ حالات میں مسلم ممالک متحد نہ ہوئے تو اس کے منفی اثرات پورے عالم اسلام کو بھگتنا پڑیں گے۔ رہنماؤں نے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کا ہنگامی سربراہی اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ مسلم ممالک کو مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیے

بقیہ 15

سال کی طرح اس سال بھی تنظیم کے پلیٹ فارم پر جشن آزادی کی تقریبات 14 اگست کو انتہائی شایان شان اور بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منائی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس تاریخی اور قومی دن کے موقع پر نصیر آباد ڈویژن میں شاندار ریلیاں نکالی جائیں گی، جبکہ وطن عزیز کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا جائے گا۔ نائب علی محمد خان بڑدو کا کہنا تھا کہ جشن آزادی کے استقبال کے لیے پورے علاقے کو قومی پرچموں اور برقی قمقموں سے سجایا جائیگا اور اس سلسلے میں تیاریاں جاری ہیں آل برڑا ویلفیئر ایسوسی ایشن (ابوا) بلوچستان (آفیشل) ملکی سلامتی اور یکجہتی کے لیے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرتی رہے گی، اور اس سال بھی یوم آزادی کو یادگار بنایا جائے گا

بقیہ 16

امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے آزاد جموں و کشمیر میں پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں، عوامی رابطہ مہم، کارکنوں کی تنظیم سازی اور انتخابی مہم کو مزید مؤثر بنانے کے مختلف پہلوؤں پر غور کیا۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پارٹی کے چیئرمین کے وژن اور عوامی خدمت کے منشور کو گھر گھر پہنچایا جائے گا تاکہ عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو۔ صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت ہے جو ملک بھر کی طرح آزاد جموں و کشمیر میں بھی عوام کی خدمت، جمہوریت کے استحکام اور ترقی و خوشحالی کے ایجنڈے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ آزاد جموں و کشمیر میں پارٹی کی کامیابی کے لیے ہر ممکن تعاون اور بھرپور سیاسی و اخلاقی حمایت فراہم کی جائے گی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ پارٹی کارکن ہی پاکستان پیپلز پارٹی کا اصل سرمایہ ہیں اور آئندہ انتخابات میں کارکنوں کی محنت، عوامی حمایت اور پارٹی قیادت کی مؤثر حکمت عملی سے پاکستان پیپلز پارٹی نمایاں کامیابی حاصل کرے گی۔ اس موقع پر وفد کے سربراہ اشرف ڈار نے حاجی علی مدد جتک کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی قیادت کے وژن کو عوام تک پہنچانے اور آزاد جموں و کشمیر میں پاکستان پیپلز پارٹی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تمام کارکن متحد ہو کر بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں باہمی رابطوں کو مزید مستحکم کرنے اور آئندہ انتخابات کے حوالے سے مشترکہ سیاسی تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 17

دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے وفاقی وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی ہم آہنگی، حکومت سندھ، سندھ ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (EPA) کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن، کراچی پورٹ ٹرسٹ اور دیگر تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ وہ اس مسئلے کو ماحولیاتی ایمرجنسی قرار دیتے ہوئے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ سعید راجپوت نے کہا کہ مختلف ماحولیاتی جائزوں کے مطابق روزانہ تقریباً 470 ملین گیلن بغیر ٹریٹمنٹ سیوریج، صنعتی گندا پانی اور دیگر خطرناک آلودہ مادے مناسب صفائی کے بغیر براہ راست بحیرہ عرب میں چھوڑے جا رہے ہیں۔ یہ تشویشناک صورتحال نہ صرف سمندری ماحول بلکہ انسانی صحت، ماہی گیری، ساحلی سیاحت اور ملکی معیشت کے لیے بھی سنگین خطرہ بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلفٹن میں میکڈونلڈ کے قریب واقع ایک بڑا سیوریج آؤٹ فال مسلسل بغیر ٹریٹمنٹ گندا پانی براہ راست سمندر میں چھوڑ رہا ہے، جس کے باعث کراچی کے اہم ترین تفریحی ساحل پر بدبو، آلودگی اور ماحولیاتی تباہی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اس صورتحال کو ایک بین الاقوامی شہر کے لیے انتہائی افسوسناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ متعلقہ اداروں کی سنگین غفلت کا واضح ثبوت ہے

بقیہ 18

کی تزئین و آرائش مراکز صحت میں سہولیات کی فراہمی سمیت دیگر جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس دوران پنجگور میں آل پارٹیز، علماء کرام اور دیگر سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران موجود تھے جن میں آل پارٹیز کے شاہ حسین آغا، جے یو آئی کے حافظ محمد اعظم بلوچ، بی این پی کے میر نذیر احمد بلوچ، مولانا عبدالحلیم، ڈسٹرکٹ چیئرمین عبدالمالک صالح، مسلم لیگ کے اشرف ساگر، حق دو تحریک کے ملا فرہاد، پی ٹی آئی کے اسداللہ بلوچ، انجمن تاجران کے فرید نواز، فضل دوست سردار سعود ساسولی، علی احمد شہیے زئی اور دیگر موجود تھے۔ اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی اور اس بات پر زور دیا گیا کہ پنجگور میں امن و امان کی بہتری کیلئے عوام کو سیکیورٹی اداروں کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ اس موقع کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز میجر جنرل ظفر اقبال نے نمائندوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے کہا کمانڈنٹ ایف سی نے کہا کہ پنجگور میں امن و امان کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اولین ترجیحات میں شامل ہے پنجگور میں پرواز فاؤنڈیشن اور پی آئی ایس ڈی کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں کے دائرہ کار کو مزید بڑھایا جائے گا

بقیہ 19

عطاالرحمٰن، پروفیسر محمد ایوب منصور، مولانا محمد عارف دمڑ، مولانا حافظ نور علی، حافظ مطیع الرحمٰن مینگل سمیت صوبہ بھر سے اراکین شوریٰ شریک ہوئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ظلم، جبر، غلط پالیسیوں اور ناانصافیوں کے باعث شدید اضطراب کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے سلگتے مسائل کے حل کے لیے قومی کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کے انعقاد کے لیے جماعت اسلامی نے مختلف قومی سیاسی قیادت سے رابطے شروع کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوامی حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کے کوئٹہ تا اسلام آباد لانگ مارچ کو ایک سال مکمل ہونے کے باوجود مطالبات پر عملدرآمد نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاسی استحکام، عوامی حقوق، امن اور روزگار کی فراہمی کے بغیر بلوچستان کے مسائل کا حل ممکن نہیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پاکستان اس وقت سیاسی اور معاشی بحرانوں میں گھرا ہوا ہے جبکہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیاسی قیادت کو نظرانداز کر کے مسائل حل نہیں کیے جا سکتے اور ملک میں جمہوری عمل کو مضبوط بنانا ہوگا۔ اس موقع پر صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی عوامی حقوق، ظلم کے خاتمے اور خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے ذمہ داران پر زور دیا کہ تنظیمی منصوبہ بندی، رکن سازی، عوامی رابطہ مہم اور مالی استحکام کے اہداف پر بھرپور عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بلوچستان میں ہزاروں بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے، یتیموں کی کفالت اور فلاحی خدمات کے ذریعے عملی کردار ادا کر رہی ہے، جبکہ جماعت کے خلاف کیے جانے والے منفی پروپیگنڈے کا جواب عوامی خدمت اور عملی کارکردگی سے دیا جائے گا۔

بقیہ 20

سہولت اور سرحدی علاقوں کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جس میں قبائلی مشران نے چمن اور دیگر سرحدی علاقوں کے عوام کو درپیش مشکلات سے آئی جی ایف سی بلوچستان کو آگاہ کیا۔ مشران نے کہا کہ سرحدی علاقوں کے عوام کے دونوں جانب سماجی، معاشی، تجارتی اور خاندانی روابط ہیں، تاہم موجودہ طریقہ کار کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اجلاس میں پاک افغان سرحد پر مسافروں کی آمد و رفت کو آسان بنانے، بزرگ شہریوں، خواتین، بچوں اور مریضوں کے لیے خصوصی سہولیات فراہم کرنے، ہنگامی طبی کیسز میں فوری سرحدی نقل و حرکت ممکن بنانے اور لغڑی برادری کو ریلیف دینے کے امور پر خصوصی غور کیا گیا۔ قبائلی مشران نے مطالبہ کیا کہ چمن کے عوام کے روزگار، تجارت اور خاندانی روابط کو مدنظر رکھتے ہوئے سرحدی آمد و رفت میں آسانیاں پیدا کی جائیں، جبکہ لغڑی پیکج پر مؤثر عملدرآمد کے ذریعے مقامی آبادی کے معاشی مسائل کا حل نکالا جائے۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان میجر جنرل عاطف مجتبیٰ نے قومی و قبائلی مشران کی تجاویز اور مسائل کو توجہ سے سنتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ چمن، توبہ اچکزئی اور دیگر سرحدی علاقوں کے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں، مسافروں اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات کم کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مشاورت جاری رکھی جائے گی، جبکہ لغڑی برادری کو بھی ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے قومی و قبائلی مشران کے ساتھ رابطے اور مشاورت کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ مقامی آبادی کو درپیش مسائل کا بروقت حل ممکن بنایا جا سکے۔ ملاقات کے اختتام پر قومی و قبائلی مشران نے آئی جی ایف سی بلوچستان اور ان کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ سرحدی آمد و رفت، مریضوں کی سہولت، لغڑی پیکج اور دیگر عوامی مسائل کے حل کے لیے جلد عملی اقدامات سامنے آئیں گے۔

بقیہ 21

کی قیادت میں ڈیرہ مراد جمالی میں احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی میں مختلف سیاسی، سماجی اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں زمینداروں کاشتکاروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین نے پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانے، کاشتکاروں کے حقوق کے تحفظ اور محکمہ آبپاشی کی مبینہ غفلت کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور شہید بینظیر بھٹو پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جہاں مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی مسلسل کمی سے نصیرآباد کے ہزاروں ایکڑ زرعی رقبے پر کھڑی فصلیں متاثر ہو رہی ہیں، جس سے کاشتکاروں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ نصیرآباد کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے، لیکن زرعی پانی کی قلت نے کسانوں اور زمینداروں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے

بقیہ 22

وہ آج بھی اپنی جدوجہد اور قربانیوں کے ذریعے اس پر ثابت قدم ہیں۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں جاری رکھے ہوئے ہے، مگر ظلم و جبر کشمیری عوام کے جذبہ آزادی کو ختم نہیں کر سکا۔ کشمیری مرد، خواتین اور نوجوان حق خودارادیت کے حصول کے لیے مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم، بالخصوص پاکستان کی خواتین، اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی اور انسانی حمایت جاری رکھیں گی

بقیہ 23

نائب صدر اول، جاوید حیدر نائب صدر دوم، الطاف راجہ جنرل سیکرٹری، حافظ فضل الرحمان ڈپٹی جنرل سیکرٹری، حاجی محمد یوسف سالانی خازن، محمد انیس محمد حسنی انفارمیشن سیکرٹری ترجمان اور حاجی عبدالودود لیبر سیکرٹری منتخب ہوئے۔ جبکہ بازار کے سینئر عہدیداران میں ماما پیرجان محمد حسنی، عزیز الرحمن عوامی، مراد بخش محمد حسنی، حافظ امیر احمد عیسی زئی، ناصر علی عیسی زئی، اسرار برکت بلوچ، محمد علی عیسی زئی، میر فدا انور محمد حسنی (سردار جمیل مارکیٹ)، چنگیز سالانی (گل مارکیٹ)، سجاد عیسی زئی (بلاول مارکیٹ) اور میر احمد (بائی پاس مارکیٹ) شامل ہیں، صدر میر بالاچ خان رودینی نے اپنے خطاب میں کہا کہ انجمن تاجران بسیمہ دکانداروں اور بازار کے تمام جائز مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور بازار میں بہتر کاروباری ماحول کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔ انہوں نے تاجروں سے اتحاد و اتفاق برقرار رکھنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انجمن ہر تاجر کی آواز بنے گی۔ جنرل سیکریٹری الطاف راجہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ انجمن تاجران بازار کے تمام تاجروں کو ساتھ لے کر چلے گی اور ان کے مسائل متعلقہ حکام تک مؤثر انداز میں پہنچائے جائیں گے

بقیہ 24

نصیرآباد، جعفرآباد، اوستہ محمد اور صحبت پور میں زرعی پانی کی قلت اور بلوچستان کے حصے کا پانی سندھ میں روکنے اور چوری کرنے کے خلاف دوسرے روز بھی نصیرآباد ڈویژن کے ہزاروں زمینداروں اور کاشتکاروں کا سکھر بیراج پر دھرنا جاری رہا شدید گرمی کے باوجود زمیندار اور کاشتکار پانی کے حصول کیلئے ڈٹ گئے جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی زرعی پانی کی قلت پر صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی قیادت میں میر سلیم خان کھوسہ اور حاجی محمد خان لہڑی پر مشتمل کمیٹی قائم کر دی جس نے سکھر کا دورہ کیا اور دھرنے میں بیٹھے نصیرآباد ڈویژن کے زمین داروں اور کاشتکاروں سے ملاقاتیں کیں بعد ازاں سکھر میں وفد کو محکمہ آبپاشی سندھ کے اعلی افسران نے زرعی پانی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور ان کو یقین دہانی کرائی گئی کہ آئندہ اڑتالیس گھنٹوں میں بلوچستان کو اسکے حصے کا پانی فراہم کر دیا جائے گا تاہم دھرنے میں بیٹھے زمین دار اور کاشتکار یقین دہانی کو مسترد کرتے ہوئے زرعی پانی کی مکمل فراہمی تک دھرنا جاری رکھنے کا اعلان کر دیا ہے، جبکہ تینوں صوبائی وزراء سکھر سے کراچی کے لیے روانہ ہو گئے جہاں وہ آج صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو سیکرٹری آبپاشی سندھ سمیت دیگر حکام سے ملاقاتیں کر کے ارساء کی جانب سے طے کردہ پانی فراہمی کے فارمولے پر بات چیت کریں گے۔

بقیہ 25

IIBROTHERSJAHAN/M گوادر پورٹ پر لنگر انداز ہوا۔ جہاز سنگاپور سے گوادر پہنچا ہے اور اس پر 66006453 میٹرک ٹن پرائم اسٹیل بلیٹس موجود ہیں۔ مذکورہ کارگو کی منزل متحدہ عرب امارات کی الحمریہ پورٹ ہے۔ کارگو کو گوادر پورٹ پر عارضی طور پر اتار کر ذخیرہ کیا جائے گا، جس کے بعد اسے دوسرے جہاز پر دوبارہ لوڈ کر کے متحدہ عرب امارات روانہ کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور جنید انوار چوہدری نے کہا کہ موجودہ علاقائی بحری صورتحال کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں کا تسلسل پاکستان کی بندرگاہی صلاحیتوں اور بحری شعبے میں بڑھتے ہوئے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافہ گوادر پورٹ کے اسٹریٹجک محل وقوع اور خطے میں ایک اہم متبادل تجارتی راستے کے طور پر اس کی صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پاکستان بندرگاہی انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنانے، بین الاقوامی شپنگ لائنز کو سہولیات فراہم کرنے اور علاقائی تجارت کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے کہا کہ موجودہ علاقائی بحری صورتحال کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی اور بندرگاہی سرگرمیوں کا جاری رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ بندرگاہ خطے میں محفوظ، قابل اعتماد اور مؤثر تجارتی مرکز کے طور پر اپنی صلاحیتیں ثابت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانس شپمنٹ کارگو کی کامیاب ہینڈلنگ سے بین الاقوامی شپنگ لائنز کا گوادر پورٹ پر اعتماد مزید مضبوط ہو رہا ہے

بقیہ 26

گزشتہ 5 دنوں کے دوران اردن میں امریکی افواج پر 4 بڑے حملے کیے ہیں جن میں 2 امریکی فوجی ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے، متعدد ہیلی کاپٹرز کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ امریکی اخبار نے امریکی حکام کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مسلسل حملے اس بات کا اشارہ ہیں کہ ایرانی افواج کے پاس نہ صرف میزائلوں کا وافر ذخیرہ موجود ہے بلکہ امریکی فضائی دفاعی نظام کو چکمہ دینے کی اسکی صلاحیت میں بھی اضافہ ہو چکا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق گزشتہ 5 دنوں کے دوران سب سے پہلے ایرانی حملے میں کنگ فیصل ایئر بیس میں واقع رہائشی عمارت کو نشانہ بنایا گیا، جس میں کم از کم 5 امریکی اہلکار زخمی ہوئے۔ دوسرے حملے میں مشرقی اردن کے ایک اڈے کو نشانہ بنایا گیا جہاں امریکی بلیک ہاک ہیلی کاپٹرز موجود تھے اور اس حملے میں متعدد ہیلی کاپٹرز کو شدید نقصان پہنچا۔ اس کے بعد ایرانی میزائلوں نے موافق السلط ایئر بیس (ازرق) کو نشانہ بنایا جہاں بنکروں میں پناہ لینے والے تقریباً 20 امریکی فوجی زخمی ہوئے تاہم اس حملے میں کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔

بقیہ 27

کرنا ہے جس کے تحت ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ کے ہتھیاروں کو تلف کرنے اور لبنان سے اسرائیلی انخلا کو یقینی بنانے کی کوشش کی جائے گی۔ جوزف عون گزشتہ برس صدر منتخب ہونے سے قبل امریکی حمایت یافتہ لبنانی فوج کے کمانڈر تھے۔ وہ گزشتہ 20 برسوں میں وائٹ ہاؤس کا دورہ کرنے والے پہلے لبنانی صدر ہیں جہاں وہ پہلی بار ٹرمپ سے باضابطہ ملاقات کریں گے۔ منگل کے روز ہونے والی یہ ملاقات لبنان کے لیے ایک نازک موڑ پر ہو رہی ہے۔

بقیہ 28

رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ امریکہ نے یورپ سے مشرق وسطی میں لڑاکا طیاروں کی دوبارہ تعیناتی شروع کر دی ہے، جو ایران کے اندر اہداف کے خلاف اس کی فوجی کارروائیوں میں توسیع کے ساتھ ہی کی جا رہی ہے، یہ قدم امریکہ کی جانب سے بڑے پیمانے پر کشیدگی کے منظرنامے کے لیے آمادگی کی عکاسی کرتا ہے۔ اخبار کے مطابق امریکی فوج نے خطے میں اپنی فضائی موجودگی کو مضبوط کرنے کے متوازی ایران کے اندرونی حصوں میں زیادہ حساس اہداف کو شامل کرنے کے لیے فضائی حملوں کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ تہران نے خلیج عرب میں اپنے حملوں کو تیز کر دیا ہے، اس سے موجودہ تصادم کے ایک وسیع تر جنگ میں تبدیل ہونے کے امکانات بڑھ رہے ہیں۔ اخبار نے کہا کہ ایران کے اندر تزویراتی تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کا مقصد تہران پر دباؤ بڑھانا ہے

بقیہ 29

میڈیا کی زینت بنے، ان کے بیان پر عوام میں انتہائی غم و غصہ پایا جاتا ہے، سیاست کی خاطر ریاست کی بے توقیری قابل قبول نہیں، پاکستان ہے تو سب کچھ قائم ہے، پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈے استعمال کرنے کی سیاست دفن ہو چکی ہے، خیبرپختونخوا کے مسائل پر تو انہوں نے کبھی تنقید نہیں کی۔ لاہور میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ اپنی سیاست کی خاطر پاکستان کو بدنام کرنا چاہتے ہیں، نورین نیازی کی پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کو تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی، پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرنے والوں کو ہمیشہ رسوائی کا سامنا کرنا پڑا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ آج پوری دنیا میں پاکستان کی عزت و وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے اور پاکستان کی عزت و وقار میں اضافے کا یہ سفر ہمیشہ جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے

بقیہ 30

کے درپے ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پاکستان نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا، معرکہ حق سے متعلق نورین نیازی کا بیان قابل مذمت ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ بدقسمتی سے پاکستان کی فتح کچھ عناصر کو ہضم نہیں ہوئی، نورین نیازی کا بیان پی ٹی آئی کے پاکستان مخالف عزائم کا ہی تسلسل ہے، اس طرح کے بیانات ملک دشمنی نہیں تو کیا ہے؟ وزیرمملکت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ کے متنازع بیان کے بعد بھی کوئی وضاحت سامنے نہیں آئی، نورین نیازی ایسے بیانات سے افواج پاکستان کے جوانوں کو کیا پیغام دینا چاہتی ہیں؟

بقیہ 31

کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔ واقعہ لاہور کے علاقہ ڈیفنس اے میں گزشتہ رات پیش آیا، لاہور پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اسامہ کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا جبکہ اس کے زیر استعمال گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی جاری ہے۔ ملزم کی گرفتاری کے لیے سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی گئی۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے بتایا کہ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ جا رہے تھے کہ ایک گاڑی نے انہیں اوورٹیک کیا اور کار سے باہر پستول نکال کر ہوائی فائرنگ کی۔ ان کے مطابق ان کے سٹاف نے گاڑی کا پیچھا کیا، اس کا نمبر نوٹ کیا اور فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔

بقیہ 32

، خوشحالی اور جائز مطالبات کے حل کے لیے پرعزم ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام کی بہتری اور فلاح کے لیے تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں سرگرم مسلح عناصر کو بلوچستان کے عوام کی حمایت یا اخلاقی جواز حاصل نہیں۔ ملاقات میں بین الصوبائی رابطہ کے وزیر رانا ثناء اللہ خان اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 33

کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کو نو ماہ سے قید تنہائی میں رکھ کر انہیں توڑنے کی کوشش کی گئی لیکن انہوں نے واضح کر دیا ہے کہ وہ کبھی سر نہیں جھکائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے لیے کسی سے بھیک مانگنے کی ضرورت نہیں، وہ ایک غیرت مند انسان ہیں، اس لیے ان کی رہائی کے لیے احتجاج کیا جائے اور حکمرانوں پر دباؤ ڈالا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سے بنیادی حقوق بھی چھین لیے گئے ہیں، قید تنہائی ختم کرنے اور علاج کی فراہمی سے متعلق عدالتی احکامات پر بھی عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ علیمہ خان نے کہا کہ اب تحریک کا رخ ڈی چوک کے بجائے اڈیالہ جیل ہوگا کیونکہ عمران خان خود نہیں چاہتے کہ کارکنوں کی جانیں ضائع ہوں، اس لیے کارکن منظم ہو کر اڈیالہ جیل پہنچیں اور حکومت پر دباؤ بڑھائیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ حکومت لوگوں کی آواز دبانا چاہتی ہے، قومی اسمبلی اور پنجاب اسمبلی میں پی ٹی آئی کی نشستیں چرائی گئیں اور حکمران عمران خان سے خوفزدہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج عمران خان کو پورے پاکستان کی ضرورت ہے، ملک مشکل حالات سے گزر رہا ہے، کشمیر اور بلوچستان میں لوگ اپنے حقوق کے لیے احتجاج کر رہے ہیں

بقیہ 34

ہوتی تو ایک ماہ پہلے بڑھا دیتے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کل ملاز میں پولنگ حسب معمول اور پروگرام کے مطابق ہوگی، ملاز میں پولنگ راولاکوٹ اور پلندری کے علاوہ سب جگہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن سے متعلق افواہ پھیلائی جا رہی ہیں، پورے آزاد کشمیر میں ریٹرننگ آفیسران کے پاس پولنگ میٹیریل پہنچ چکا۔ انہوں نے کہا کہ ایک امیدوار کی وفات کی وجہ سے ایل اے 24 سدھنوتی 7 میں الیکشن ری شیڈول کرنا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر نے کہا کہ سیکورٹی کے لیے پاک فوج، رینجرز اور پیرا ملٹری فورسز موجود ہوں گی، تمام اسٹیک ہولڈرز سے بات کر کے پلان ترتیب دیا ہے۔ غلام مصطفی مغل نے کہا کہ الیکشن صاف، شفاف، پرامن اور غیرجانبدار ہوں گے۔ اگلے سات دنوں میں الیکشن ہونے جا رہے ہیں جو ہر حال میں ہوں گے۔

بقیہ 35

سی آئی اے نے نورین نیازی کو (آج) پیر 20 جولائی دن 12 بجے اسلام آباد میں طلب کیا ہے، این سی سی آئی اے کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر اداروں کے خلاف جھوٹے، تضحیک آمیز بیان کی تشہیر کی گئی، عدم پیشی پر یہ سمجھا جائے گا کہ دفاع میں پیش کرنے کو کچھ نہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی بہن نورین نیازی کا معرکہ حق اور پاک فوج سے متعلق متنازع بیان سامنے آیا تھا۔ نورین نیازی نے معرکہ حق کو افواج پاکستان اور مودی کی گٹھ جوڑ قرار دیا تھا۔

بقیہ 36

کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کا احساس ہے جن کی بدولت ہمیں آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا، کشمیر میں بیٹھے پاکستان کا نعرہ لگانے والے سینکڑوں نوجوانوں کو اٹھایا گیا جو گھر نہیں پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ کیا برطانیہ میں بیٹھا ہوا کشمیری ان کشمیریوں کی برابری کر سکتا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے کہا تھا کشمیر ہماری شہہ رگ ہے، آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کوئی قربانیوں سے رشتہ نہ بناتا ہے اور کوئی گھر بیٹھ کر بناتا ہے، چار سال میں چار ہزار سے زائد قربانیاں دینے والی فوج کو گالی دی جاتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ فیلڈ مارشل کا رشتہ وطن سے محبت ہے، شہداء اور غازیوں کو سلام ہے جنہوں نے وطن کی عزت رکھی، پاکستان کا نام ایران اور امریکا کی جنگ میں ہر تھوڑی دیر بعد ٹی وی پر نظر آتا ہے۔

بقیہ 37

وغیرملکی تجارت فیلکس پلاسیسیا کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے فیلکس پلاسیسیا کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور وینزویلا میں حالیہ زلزلوں پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی جانب سے یکجہتی کا اعادہ کیا۔ وینزویلا کے وزیر خارجہ نے پاکستان کے اظہار یکجہتی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے خطے میں امن و استحکام اور امریکہ و ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے، اعلیٰ سطح کے روابط برقرار رکھنے اور مستقبل میں جلد ملاقات کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 38

امنگوں، حق خودارادیت اور پاکستان سے گہری وابستگی کے اظہار کا یادگار دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم الحاق پاکستان کشمیری عوام کی پاکستان سے نظریاتی، تاریخی اور جذباتی وابستگی کا واضح مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ کشمیری عوام نے تاریخی قرارداد کے ذریعے پاکستان کے ساتھ اپنے رشتے کا اظہار کیا اور یہ فیصلہ برصغیر کی تاریخ کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے بےمثال قربانیاں دی ہیں، تاہم ظلم، جبر اور ریاستی تشدد کے باوجود ان کے عزم، حوصلے اور آزادی کی خواہش میں کوئی کمزوری نہیں آئی۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ کشمیریوں کی پاکستان سے غیرمتزلزل وابستگی تاریخ کا روشن باب ہے، جبکہ یوم الحاق پاکستان ہمیں پاکستان اور کشمیر کے درمیان تاریخی، ثقافتی، مذہبی اور جذباتی رشتوں کی یاد دلاتا ہے

بقیہ 39

احتجاج اور ہڑتال سمیت سخت احتجاجی لائحہ عمل اختیار کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال اور عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے پیش نظر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو روزانہ تعین کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت گزشتہ سات روز کی اوسط عالمی قیمت کو بنیاد بنایا جائے گا۔ اس فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) نے مؤقف اختیار کیا کہ نئی پالیسی سے قبل متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مؤثر مشاورت نہیں کی گئی۔ کمپنیوں نے کہا کہ بیشتر او ایم سیز فوری طور پر یومیہ قیمتوں کے نظام پر عمل درآمد کے لیے تیار نہیں اور اس سے سپلائی چین، اسٹاک مینجمنٹ اور کاروباری امور متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ او ایم سیز نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نئی پالیسی کو مرحلہ وار نافذ کیا جائے، پہلے آزمائشی بنیادوں پر اس کا اطلاق کیا جائے اور تمام متعلقہ اداروں کے لیے واضح رہنما اصول جاری کیے جائیں تاکہ کسی بھی انتظامی یا مالی پیچیدگی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 40

کے خاتمے کے لیے مسلسل مذاکرات، سفارتی رابطوں اور گرینڈ جرگے کے انعقاد کی ضرورت پر بھی زور دیا ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات تاریخی، مذہبی اور ثقافتی بنیادوں پر استوار ہیں، اس لیے دونوں ممالک کے درمیان پیدا ہونے والے مسائل کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے مذاکرات اور باہمی اعتماد سے تلاش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی عبوری حکومت سے ان کا سب سے بڑا شکوہ یہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے، حالانکہ یہ کسی صورت میں نہیں ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان حکام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی سرزمین کو بھی ایسے گروہوں یا عناصر کے استعمال سے روکیں جو پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات معمول پر لانے کے لیے صرف سرکاری سطح پر نہیں بلکہ دینی قیادت، قبائلی عمائدین اور بین الاقوامی علماء کو بھی کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے تجویز دی کہ قبائلی نمائندوں پر مشتمل ایک گرینڈ جرگہ تشکیل دیا جائے، جو دونوں ممالک کے درمیان اعتماد سازی اور مسائل کے پائیدار حل میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین، روس اور ترکیہ جیسے دوست ممالک بھی پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات کی بہتری کے لیے کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ 41

زائرین کی تعداد میں 22.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جبکہ مختلف ممالک سے آنے والے معتمرین میں پاکستانی زائرین کی تعداد سب سے زیادہ رہی۔ وزارت حج و عمرہ کے مطابق رواں سال حج کے اختتام کے بعد 15 ذوالحج 1448 ہجری سے عمرہ سیزن کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ سیزن کے پہلے ڈیڑھ ماہ، یعنی 29 محرم 1448 ہجری تک، 9 لاکھ سے زائد زائرین عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔

بقیہ 42

اور حریت رہنماؤں کو سلام پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کشمیریوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد کشمیریوں کی اجتماعی امنگوں کی سچی عکاس اور جدوجہد آزادی کا اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی قرارداد کشمیری عوام کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے غیرمتزلزل عزم کی مظہر ہے۔ کشمیری قیادت نے قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کے ساتھ اپنے مستقبل کو جوڑ دیا تھا، پاکستان اور کشمیر کے رشتے مشترکہ تاریخ، عقیدے اور جغرافیے کے مضبوط بندھن میں بندھے ہیں۔

بقیہ 43

478 ارب روپے سے زائد وصول کیے، جس کے باعث بجٹ خسارے کو مقررہ ہدف کے اندر رکھنے میں مدد ملی۔ سرکاری مالیاتی اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025 سے 2026 تک وفاقی بجٹ خسارہ 33 کھرب 40 ارب روپے، یعنی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 2.6 فیصد کے برابر رہا۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت صوبوں کی جانب سے 13 کھرب 10 ارب روپے کے سرپلس کے بعد مجموعی مالیاتی خسارہ کم ہو کر 20 کھرب 30 ارب روپے، یعنی جی ڈی پی کے 1.6 فیصد تک محدود رہا، حکومت نے پورے مالی سال کے لیے مجموعی مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 3 فیصد، یعنی 37 کھرب 70 ارب روپے تک محدود رکھنے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق پہلے 11 ماہ کے دوران اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے منافع، پیٹرولیم لیوی اور کلائمیٹ سپورٹ لیوی کی مد میں مجموعی طور پر 48 کھرب 20 ارب روپے کی غیرٹیکس آمدن حاصل ہوئی، جبکہ پورے مالی سال کے لیے ان مدات کا ہدف 51 کھرب 40 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا۔

بقیہ 44

سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معرکہ حق ایک تاریخی کامیابی ہے، نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے، بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ نورین نیازی کے بیان پر افسوس ہوا، یہ پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے خلاف ہے، امریکی صدر نے کئی بار پاکستان کی فتح کا ذکر کیا۔ وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ کے باوجود پاکستان نے فتح حاصل کی، نورین نیازی کے بیان سے ثابت ہوا یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں۔ وزیرمملکت طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے جتن کیے، یہ لابی پاکستان کی معیشت پر بھی حملہ آور ہوئی، پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کے لیے آئی ایم ایف کو خط لکھے گئے

بقیہ 45

سے منسلک کرتے ہوئے علاقائی تجارت اور ٹرانزٹ کا اہم مرکز بننے کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کے لیے افغانستان کے روایتی راستے کے بجائے متبادل تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں پاک۔ ایران سرحد پر واقع گبد۔ ریمدان بارڈر کے ذریعے زرعی مشینری اور صنعتی خام مال کی ترسیل کا آغاز بھی کیا جا چکا ہے۔ دی لیبکیشین پوسٹ کے مطابق اپریل 2026 میں فعال کیے گئے نئے تجارتی کوریڈور نے وسطی ایشیا کو پاکستانی بندرگاہوں اور عالمی منڈیوں تک اضافی رسائی فراہم کی ہے، جس سے علاقائی تجارت کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اکتوبر 2025 میں سیکیورٹی خدشات کے باعث طورخم اور چمن سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے بعد پاکستان نے متبادل تجارتی راستے متعارف کرائے، جن سے تجارتی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھنے میں مدد ملی۔

بقیہ 46

خلاف مؤثر مہم بلاامتیاز جاری رہے گی، احتساب کے عمل میں کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی، حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے جبکہ ملک کی معاشی اور سماجی صورتحال میں بہتری کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ بدعنوانی کے خلاف جاری مہم میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والوں پر بھی کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ احتساب کا عمل ہر سطح پر مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا تاکہ شفاف طرز حکمرانی کو فروغ دیا جا سکے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق سوال کے جواب میں وزیرمملکت نے کہا کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین بنیادی طور پر عالمی منڈی کے رجحانات اور خطے کی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے

بقیہ 47

کھڈکوچہ میں کوئٹہ سے پنجگور جانے والی محکمہ تعلیم کی بس پر مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس نتیجے کے نتیجے میں چار افراد ظہور احمد، عبدالستار، نصیر حسین اور تنویر احمد زخمی ہو گئے۔ واقعہ کے بعد مسلح افراد موقع سے فرار ہو گئے جبکہ ریسکیو حکام نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کر دیا۔ پولیس اور سیکورٹی فورسز نے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 48

راوی، نالہ بئیں، دریائے بسنتر اور نالہ ڈیک میں اونچے درجے کے سیلاب کی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران متوقع شدید بارشوں کے باعث ضلع نارووال سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں اربن فلڈنگ کا بھی خدشہ ہے۔ تمام شہریوں سے گزارش ہے کہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں بارش کے دوران بالعموم دریاؤں، نہروں، ندی نالوں اور سیلابی ریلوں کے قریب جانے سے گریز کریں۔ بجلی کی تنصیبات، کھمبوں، ٹرانسفارمرز اور ٹوٹی ہوئی برقی تاروں سے محفوظ فاصلہ رکھیں۔ غیر ضروری سفر سے حتی الامکان اجتناب کریں اور صرف ناگزیر صورت میں احتیاط کے ساتھ سفر کریں۔

بقیہ 49

بارے میں بلاول کا رویہ اچھا نہیں تھا، ان کو ووٹ کے لیے نفرت کی نہیں، بلکہ قومی لیڈر بن کر بات کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) میں کسی کو لات مار کر نکالنے کی روایت نہ تھی اور نہ ہے۔ رانا ثناء نے کہا کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو آزاد کشمیر کے وزیراعظم فیصل راٹھور نے کالعدم قرار دیا، وفاقی حکومت اس فیصلے کی حمایت کی، وفاقی حکومت اس فیصلے کی پشت پر کھڑی ہے اور بلاول بھٹو زرداری اشاروں اور باتوں باتوں میں اس فیصلے کی مخالفت کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ دو روز قبل بلاول بھٹو زرداری نے وزیر دفاع خواجہ آصف کو وفاقی کابینہ سے نکالنے کا مطالبہ کیا تھا اور کہا تھا کہ کشمیر کے معاملے پر وزیر دفاع کا بیان وفاقی حکومت کی پالیسی ہے یا نہیں؟ وزیراعظم شہباز شریف کو اس پر وضاحت دینی چاہیے۔

بقیہ 50

فلاح و بہبود ملک کی ترقی و خوشحالی کو اپنی سیاست کا محور بنایا اور ہر دور حکومت میں ملکی سربلندی عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کیے ہیں جس کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں۔ رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور، چوہدری سرفراز احمد بھٹی، چوہدری بلال سرور بھٹی اور چیئرمین چوہدری نوید احمد بھٹی ایڈووکیٹ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ عوام آج بھی (ن) لیگ پر اعتماد کرتے ہیں، ہم نے ملک کو سنگین بحرانوں سے نکالا اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے پوری ذمہ داری سے فرائض منصبی ادا کر رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایران امریکہ کشیدگی کے خاتمے کیلئے اہم کردار ادا کیا اور اب بھی کر رہے ہیں، ہم امن پسند ہیں اور عالمی امن کیلئے ہماری کاوشوں کو دنیا بھی سراہتی ہے۔ امریکہ ایران جنگ میں مصالحتی کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 51

۔ بتایا گیا ہے کہ ملزم احسن خان کو گجرات سے گرفتار کیا گیا۔ ملزم کی گرفتاری ایف آئی اے کے اسپیشلائیزڈ لا انفورسمنٹ یونٹ کے ذریعے عمل میں لائی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ ایران میں لاپتہ پاکستانیوں سے وصول کی گئی رقم ملزم کے اکاؤنٹ میں منتقل ہوئی۔ ملزم سے انسانی سمگلنگ کے نیٹ ورک، مالی لین دین اور سہولت کاروں کے حوالے سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 52

[illegible]

بقیہ 53

[illegible]

بقیہ 54

[illegible]

بقیہ 55

[illegible]

بقیہ 56

[illegible]

بقیہ 57

[illegible]

بقیہ 58

[illegible]

بقیہ 59

[illegible]

بقیہ 60

[illegible]

بقیہ 61

[illegible]

بقیہ 62

[illegible]

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ عبداللہ ہادی انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، سابق صوبائی وزیر داخلہ آغا عمر بنگلزئی، چیف انجینئر میٹروپولیٹن حاجی اسحاق مینگل، خدابخش لاشاری، پیر جان بلوچ، محمد رائے، محمد کاشف، قاہر شاہ محمد نعیم ودیگر کا میر عبدالعزیز زہری کے فرزند ڈاکٹر شاہد عبدالعزیز زہری کی شادی کے موقع پر گروپ فوٹو

چمن پریس کلب چورنگی اور شہر کے مختلف علاقوں میں سرچ اور چیکنگ آپریشن

کارروائی کے دوران گاڑیوں کے کالے شیشے صاف کیے گئے، غیر قانونی نمبر پلیٹس ہٹائی گئیں

چمن (خ ح) ڈی پی او چمن اعتزاز عارف کی ہدایات پر پولیس فورس نے ... بلوچ کی نگرانی میں چمن پریس کلب چورنگی اور شہر کے مختلف علاقوں میں (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

گدانی بیچ، اور حب دریا میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ

پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

حب (پ ر) ضلع حب کی عوام کی جان و مال کے تحفظ اور حالیہ افسوسناک واقعات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر حب ... اور حب دریا میں نہانے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

کراچی: پانچ سالہ لاپتہ بچی کی بازیابی کیلئے لواحقین احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

پٹ فیڈر 700، کھیرتھر کینال میں ایک ہزار کیوسک اضافی پانی کی فراہمی ممکن بنائی جائیگی، جام خان شورو کی یقین دہانی

دونوں صوبوں کے اعلیٰ حکام کے مابین چار گھنٹوں سے زائد طویل مذاکرات کے بعد صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو نے وفد کی یقین دہانی

گفت وشنید اور باہمی مشاورت کے ذریعے درپیش مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے، دونوں وفود کے عزم کا اعادہ

پارٹی آزاد کشمیر میں عوام کی خدمت جاری رکھے گی، عوام کا یقین کبھی نہیں ٹوٹے گا، علی مدد جتک

آئندہ انتخابات میں کارکنوں کی محنت، عوامی حمایت اور پارٹی قیادت کی مؤثر حکمت عملی سے پاکستان پیپلز پارٹی نمایاں کامیابی حاصل کرے گی

پارٹی کے چیئرمین کے وژن اور عوامی خدمت کے منشور کو گھر گھر پہنچایا جائے گا، صوبائی وزیر

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ... (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

کلفٹن ساحل پر بغیر ٹریٹمنٹ سیوریج کے اخراج سے شدید آلودہ ہو چکا ہے، سعید راجپوت

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: عدالت روڈ پر ایک شخص کچرے کے ڈھیر سے قابل استعمال اشیاء تلاش کر رہا ہے

قلعہ عبداللہ، دو گروپوں کے درمیان فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، بچہ زخمی

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

قیوم بلوچ صحافت کے میدان میں تجربہ کار اور باصلاحیت شخصیت ہیں، اللہ داد رند

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

مولانا فضل الرحمن کا موقف عوامی امنگوں کا ترجمان ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی، فائرنگ ایک شخص جاں بحق

بلوچستان میڈیا فورم کا میڈیا پالیسی منسوخ کرنے کا مطالبہ

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے قومی کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے، لیاقت بلوچ

بلوچستان کے عوامی حقوق کے حصول کے لیے جماعت اسلامی کی جانب سے کوئٹہ تا اسلام آباد لانگ مارچ کو ایک سال مکمل ہونے کے باوجود مطالبات پر عملدرآمد نہیں ہوا

بلوچستان کے عوام ظلم، جبر، غلط پالیسیوں اور ناانصافیوں کے باعث شدید اضطراب کا شکار ہیں، امن، سیاسی استحکام اور عوامی حقوق کے بغیر بلوچستان کے مسائل حل نہیں ہو سکتے

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: پانی کی عدم فراہمی پر آبادگاروں کا گڑھی خیرو میں احتجاج

آبادگاروں کی جانب سے 2 روز میں پانی نہ ملنے پر جیکب آباد میں دھرنے کی دھمکی

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

امن وامان کی بہتری اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اولین ترجیحات میں شامل ہے، ظفر اقبال

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی اعلیٰ کارکردگی دکھانے والوں کو ایوارڈ دینے کی تقریب میں بلوچی اکیڈمی کی جانب سے نیٹ ورک کے وائس چیئرمین چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل، اور ڈاکٹر فرحت حسین شرکاء کو کتابیں اور سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

جاری کشیدگی کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں جاری

ایک اور ٹرانس شپمنٹ جہاز نے بندرگاہ پر لنگر انداز ہو کر کارگو کی ہینڈلنگ شروع کر دی، جہاز سنگاپور سے گوادر پہنچا ہے

بندرگاہ خطے میں محفوظ، قابلِ اعتماد اور مؤثر تجارتی مرکز کے طور پر اپنی صلاحیتیں ثابت کر رہی ہے، نورالحق بلوچ

گوادر (خ ن) علاقائی بحری صورتحال اور جاری کشیدگی کے باوجود گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں جاری ہیں، جہاں ایک اور ٹرانس شپمنٹ جہاز نے بندرگاہ پر لنگر انداز ہو کر کارگو کی ہینڈلنگ شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق 18 جولائی کو بنگلہ دیشی پرچم بردار جہاز (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، بار بار بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث ایک شخص خراب ہونے والے کولر مرمت کیلئے لے جا رہا ہے

پانی کی عدم دستیابی کے باعث چاول کی تیار پنیری جھلس رہی ہے، میر حاجی نصیر کھوسہ

زرعی پانی کی اس شدید قلت کے خلاف متاثرہ زمیندار اور کاشتکار سراپا احتجاج ہیں



ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کے سیاسی وسماجی شخصیت و معروف زمیندار میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ صحبت پور کی ڈیلی شاخوں کے ٹیل (آخری سرے) تک زرعی پانی نہ پہنچنے کے باعث چاول کی پنیری بڑے پیمانے پر خشک ہونے لگی، جس کے خلاف زمینداروں اور کاشتکاروں نے مختلف مقامات پر احتجاج (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

آئی جی ایف سی بلوچستان کی چمن میں قبائلی مشران سے ملاقات، عوامی ریلیف پر گفتگو

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چمن میں جدید آئی ٹی سینٹر کا افتتاح، طالبات کے لیے نئی سہولت

چمن اور توبہ اچکزئی کے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کریں گے، میجر جنرل عاطف مجتبیٰ

چمن (یو این اے) آئی جی ایف سی بلوچستان میجر جنرل عاطف مجتبیٰ نے بریگیڈیئر شکیل احمد کے ہمراہ چمن، توبہ اچکزئی اور گردونواح سے تعلق رکھنے والے قومی وقبائلی مشران سے اہم ملاقات کی، جس میں پاک افغان سرحد پر آمد و رفت، عوامی مسائل، لغڑی پیکج، مریضوں کی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

نسیم خان، سٹار شاہین آرچری کلب کے صدر منتخب ہو گئے

عامر خان کلب کے جنرل سیکریٹری اور خازن محمود خان سیکریٹری فنانس منتخب

کوئٹہ (این این آئی) سٹار شاہین آرچری کلب کوئٹہ کے انتخابات گزشتہ روز سٹار شاہین آرچری کلب کوئٹہ میں ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس کوئٹہ، بلوچستان آرچری ایسوسی ایشن اور ضلع کوئٹہ آرچری ایسوسی ایشن کی زیر نگرانی منعقد ہوئے۔ جنرل کونسل کے اجلاس میں سٹار شاہین (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں اعلیٰ پولیس افسران کی تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں اعلیٰ پولیس افسران کی تقرریاں و تبادلے کردیئے گئے۔ آئی جی پولیس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ آصف خان کا تبادلہ کر کے انہیں اے آئی جی آپریشنز سی پی او کوئٹہ تعینات کردیئے گیا ہے جبکہ ضیاء الحق مندوخیل کو ایس ایس پی آپریشنز تعینات کردیا گیا۔ اسی طرح عبدالروف بابر کو ایس پی جنوبی ڈیرہ بگٹی، صادورولاشاری کو ایس پی خاران، ذوالفقار علی پندرانی کو ایس ڈی پی او گنداوا، محمد علی جمالی کی خدمات ڈی آئی جی نصیرآباد رینج کے سپرد کی گئی ہیں جبکہ عبدالسلام کاکڑ کو سی پی او رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

راڑہ شم اور اندر پور کی کوہ سلیمان ڈویژن میں شمولیت تاریخی حقیقت ہے

وزیراعلیٰ نے تاریخ، جغرافیہ اور مقامی آبادی کے موقف کا احترام کیا، بزدار قومی اتحاد نوجوانان

کوئٹہ (پ ر) بزدار قومی اتحاد نوجوانان اور سید قوم کے معتبرین کی جانب سے جاری مشترکہ اعلامیہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے یونین کونسل راڑہ شم اور اندر پور کو کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے کو تاریخی، عوامی اور زمینی حقائق سے ہم آہنگ (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی چوروں نے مقامی صحافی کے گھر کا صفایا کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی چوروں نے مقامی صحافی کے گھر کا صفایا کردیا جبکہ چابی چور ایک اور موٹر سائیکل لے اڑے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ہسپتال کالونی میں گزشتہ شب نا معلوم چور مقامی صحافی حسین بخش سولنگی کے گھر داخل ہو کر موٹر سائیکل نقدی اور گھریلو سامان چوری کر کے فرار ہو گئے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی مین بازار رفیق میڈیکل سینٹر کے سامنے نور حسن سرپرہ کی کھڑی موٹر سائیکل نامعلوم چابی چور چوری کر کے رفو چکر ہو گئے۔

نصیرآباد، وقبائل کے درمیان فائرنگ چار افراد زخمی متعدد بھیڑ بکریاں ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد کے علاقے چھتر میں دو قبائل کے درمیان فائرنگ چار افراد زخمی متعدد بھیڑ بکریاں ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقے چھتر پولیس تھانہ فلیجی کی حدود باڑی میں دو قبائل ساوند اور کھیری کے درمیاں گزشتہ سات روز سے جاری وقفہ وقفہ سے فائرنگ کے نتیجے میں آمدہ اطلاعات کے مطابق چار افراد زخمی جبکہ ساوند برادری کے متعدد بھیڑ بکریاں گولیاں لگنے سے ہلاک ہو گئے۔ واقعہ کے بعد زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جبکہ لگاتار فائرنگ سے علاقائی عوام اپنے گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے

لسبیلہ کو ڈویژن کا درجہ ملنے پر بیلا میں جشن ریلی، جام گروپ کا اظہار تشکر

ڈویژن کا قیام نواب جام کمال اور نوابزادہ زرین مگسی کی کاوشوں کا نتیجہ قرار

بیلا (یو این اے) ضلع لسبیلہ کو ڈویژن کا درجہ ملنے کی خوشی میں جام گروپ بیلا کے زیر اہتمام بیلا کراس سے ایک شاندار "جشن ڈویژن ریلی" نکالی گئی، جس میں قبائلی سرداروں، عمائدین، سیاسی رہنماں، بلدیاتی نمائندوں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی بیلا کراس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

خضدار، کرخ میں بجلی کی بندش کو ایک سال مکمل ہو گئے

عوامی نمائندے بے بس ہیں تو بتائیں، عوام چندہ کر کے فنڈز دینے کو تیار ہیں، مقامی نوجوانان

خضدار (یو این اے) کرخ میں بجلی کی بندش کو تقریباً ایک سال مکمل ہونے والا ہے، مگر تاحال بجلی بحال نہ ہو سکی۔ مقامی نوجوانوں اور عوامی حلقوں نے حکومتی واپوزیشن نمائندوں کی کارکردگی پر شدید سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ محض ایک سے ڈیڑھ کروڑ روپے کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے، جاگن خان مغیری

پٹ فیڈر کینال میں فوری طور پر زرعی پانی کی مکمل اور منصفانہ فراہمی کو یقینی بنایا جائے

نصیرآباد (محمد یونس عمرانی) نصیرآباد کے شہر ڈیرہ مراد جمالی میں پٹ فیڈر کینال میں زرعی پانی کی مسلسل قلت کے خلاف نیشنل پارٹی نصیرآباد کے صدر جاگن خان مغیری (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کُرد کے انتقال پر اظہارِ افسوس

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کُرد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے مرحوم کے انتقال کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال اور تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم میر چنگیز خان کُرد کی کامل مغفرت فرمائے

کوئٹہ، شہر کی خوبصورتی کے لیے ایک مزدور سڑک پر پینٹنگ کرنے میں مصروف ہیں

گورنر بلوچستان کا زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کرد کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق وفاقی وزیر محترمہ زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کرد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے زبیدہ جلال اور سوگوار خاندان سے غمرازی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم چنگیز خان کرد کی روح کو ابدی سکون عطا فرمائے اور لواحقین کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

گنداواہ: ایس ڈی پی او انسپکٹر ذوالفقار علی پندرانی کی تعیناتی کا خیر مقدم

انسپکٹر ذوالفقار علی پندرانی ایک فرض شناس، باصلاحیت اور پیشہ ور پولیس افسر ہیں

جھل مگسی (نامہ نگار) معزز شخصیت میر غلام حسین مغلانی مگسی نے اپنے جاری کردہ بیان میں ایس ڈی پی او گنداواہ انسپکٹر ذوالفقار علی پندرانی کی تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا ہے انہوں نے کہا کہ انسپکٹر ذوالفقار علی پندرانی ایک فرض شناس، باصلاحیت (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

یومِ الحاقِ پاکستان: کشمیری عوام کی قربانیاں آزادی کی نوید ہیں

ہر اہل پاکستان کا دل کشمیریوں کی ساتھ دھڑکتا ہے۔ ڈاکٹر حمیرا طارق

لاہور (پ ر) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق نے 19 جولائی یوم الحاق پاکستان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کا تاریخی دن کشمیری عوام کی پاکستان سے نظریاتی، تاریخی اور قلبی وابستگی کا مظہر ہے۔ کشمیری عوام نے پاکستان سے الحاق کے جس عزم کا اظہار کیا تھا، (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی کی آج کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس کا اعلان

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ، جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور جماعت کے دیگر مرکزی وصوبائی ذمہ داران آج (20 جولائی) پیر (شام 5:30 بجے) کو کوئٹہ پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے

امریکہ کی جارحیت سے عالمی امن کو سنگین خطرات لاحق ہیں، جمعیت نظریاتی

او آئی سی کا ہنگامی اجلاس بلا کر مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین اور دیگر مرکزی وصوبائی رہنماں (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اس سال بھی یوم آزادی کو یادگار بنایا جائے گا، علی محمد برڑو

جشن آزادی کی تقریبات 14 اگست کو انتہائی شایان شان اور بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ منائی جائیں گی

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) آل برڑو ویلفیئر ایسوسی ایشن (ابوا) بلوچستان (آفیشل) کے صوبائی مشاورت کمیٹی کے چیئرمین نائب علی محمد برڑو نے اپنی رہائش گاہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ مرکزی وصوبائی تنظیم کے قائدین سے مکمل طرح رابطے برقرار ہیں جبکہ مختلف سیاسی وسماجی رہنماؤں سے رابطے ہیں انشاءاللہ ہر (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

بسیمہ، انجمن تاجران بسیمہ کے انتخابات مکمل

میر بالاچ خان رودینی صدر اور الطاف راجہ جنرل سیکریٹری بلا مقابلہ منتخب

بسیمہ (یو این اے) بسیمہ میں انجمن تاجران کے انتخابات باہمی اتفاق و اتحاد کی فضا میں منعقد ہوئے، جہاں تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ مولوی عبدالعزیز ساسولی سرپرستِ اعلیٰ، میر بالاچ خان رودینی صدر، ماما محمد اسلم سینیئر نائب صدر، حافظ عظمت اللہ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

کوئٹہ، تنظیم اصلاح الفقراء حسینیہ نقشبندیہ مجددیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام عظمت مصطفیٰ وشان اہلبیت کانفرنس سے سید عطاء اللہ شاہ بخاری، نصر اللہ شاہ بخاری، سید ثناء اللہ شاہ بخاری خطاب کر رہے ہیں علامہ مختار احمد حبیبی، قاری نور محمد، سید حبیب اللہ شاہ چشتی، مفتی محمد جان قاسمی، سیف الرحمٰن تاران، ذوالفقار طارقی، مولانا عاقل باروی اور دیگر علماء کرام شریک ہیں

نصیرآباد زرعی پانی کی قلت زمینداروں اور کاشتکاروں کا دوسرے روز بھی دھرنا جاری

صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی سربراہی پر مشتمل دو وزراء سمیت تین رکنی کا دورہ سکھر اریگیشن سندھ کے حکام کی تفصیلی بریفنگ

شدید گرمی کے باوجود زمیندار اور کاشتکار پانی کے حصول کیلئے ڈٹ گئے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی بھی کراچی آمد متوقع

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد ڈویژن زرعی پانی کی قلت ہزاروں زمینداروں اور کاشتکاروں کا دوسرے روز بھی سکھر بیراج پر دھرنا جاری رہا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی کی سربراہی پر مشتمل دو وزراء سمیت تین رکنی کا دورہ سکھر اریگیشن سندھ کے حکام کی تفصیلی بریفنگ جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی بھی کراچی آمد متوقع۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، یوتھ فورم فار کشمیر کے کوئٹہ ریجنل کے زیرِ اہتمام الحمد اسلامک یونیورسٹی میں کشمیری ثقافت اور عصری امور کے موضوع پر علمی کوئز مقابلوں کی تقریب سے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، شیر احمد اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں